صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز **جمعة المبارک** مورخہ 22 جولائی 2022ء
بمطابق 22 ذی الحج 1443 ہجری صبح گیارہ بجے منعقد ہوا۔
جناب مسند نشین، محمد ادریس مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیمِ۔

یٰۤاَیُّھَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡۤا اِذَا نُوۡدِیَ لِلصَّلٰوۃِ مِنۡ یَّوۡمِ الۡجُمُعَۃِ فَاسۡعَوۡا اِلٰی ذِکۡرِ اللّٰہِ وَذَرُوا الۡبَیۡعَ ؕ ذٰلِکُمۡ خَیۡرٌ لَّـکُمۡ اِنۡ کُنۡتُمۡ تَعۡلَمُوۡنَ ﴿۹﴾ فَاِذَا قُضِیَتِ الصَّلٰوۃُ فَانۡتَشِرُوۡا فِی الۡاَرۡضِ وَابۡتَغُوۡا مِنۡ فَضۡلِ اللّٰہِ وَاذۡکُرُوا اللّٰہَ کَثِیۡرًا لَّعَلَّکُمۡ تُفۡلِحُوۡنَ ﴿۱۰﴾ وَاِذَا رَاَوۡا تِجَارَۃً اَوۡ لَهۡوَا ۨانۡفَضُّوۡۤا اِلَیۡهَا وَتَرَکُوۡکَ قَآئِمًا ؕ قُلۡ مَا عِنۡدَ اللّٰہِ خَیۡرٌ مِّنَ اللَّهۡوِ وَمِنَ التِّجَارَۃِ ؕ وَاللّٰہُ خَیۡرُ الرّٰزِقِیۡنَ ﴿۱۱﴾۔

(ترجمہ): اے لوگو جو ایمان لائے ہو، جب پکارا جائے نماز کے لئے جمعہ کے دن تو اللہ کے ذکر کی طرف دوڑو اور خرید و فروخت چھوڑ دو، یہ تمہارے لئے زیادہ بہتر ہے اگر تم جانو ﴿۹﴾ پھر جب نماز پوری ہو جائے تو زمین میں پھیل جاؤ اور اللہ کا فضل تلاش کرو اور اللہ کو کثرت سے یاد کرتے رہو، شاید کہ تمہیں فلاح نصیب ہو جائے ﴿۱۰﴾ اور جب انہوں نے تجارت اور کھیل تماشا ہوتے دیکھا تو اس کی طرف لپک گئے اور تمہیں کھڑا چھوڑ دیا ان سے کہو، جو کچھ اللہ کے پاس ہے وہ کھیل تماشے اور تجارت سے بہتر ہے اور اللہ سب سے بہتر رزق دینے والا ہے ﴿۱۱﴾۔ **صَدَقَ اللّٰہُ الۡعَظِیۡمِ۔**

Mr. Chairman: Item No. 2, 'Questions Hour':-----

جناب منور خان: جناب! پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب مسند نشین: وروستو ئې اوکړه کنه؟ وروستو به ئې اوکړې۔ Question No. 15338, Miss Shagufta Malik-----

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: سر، وہ خلیق الرحمان صاحب کی والدہ وفات پا گئی ہیں تو ان کے لئے دعائے مغفرت کرلی جائے۔

جناب مسند نشین: خه۔ منور خان صاحب! یو دعا اوکړئ جی۔

جناب منور خان: سر بل څوک به ئې اوکړي جي۔

جناب مسند نشین: مولا یا نو پارټئی کبنې نه ئې څه؟

جناب منور خان: څه شوی دی، ولې څوک وفات شوی دی؟

جناب مسند نشین: دا د خلیق صاحب والده وفات شوې ده۔ د خلیق صاحب والده وفات شوې ده۔

جناب منور خان: څوک وفات شوی دی؟

جناب مسند نشین: خلیق، خلیق نه دے د هغه والده وفات شوې ده۔

جناب منور خان: خه خه۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: سر! هغه د کنډی صاحب هم یو قریبی عزیز وفات شوے دے، ورسره د هغوی د پاره هم دعا اوکړئ۔

جناب مسند نشین: هغه بل دغه هم وفات شو؟

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: آؤ جی۔

جناب مسند نشین: خه۔ منور خان صاحب تاسو دعا اوکړئ۔

(اس مرحلہ پر دونوں مرحومین کے لئے دعائے مغفرت کی گئی)

نشانزدہ سوالات اوران کے جوابات

Mr. Chairman: 'Questions Hour': Question No. 15338, Miss Shagufta Malik.

* 15338 _ محترمہ شگفتہ ملک: کیاوزیر صنعت و حرفت ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیایہ درست ہے کہ دور جدید میں فنی تعلیم کو نئے خطوط پر استوار کرنے کی ضرورت ہے؛

(ب) اگر(الف) کا جواب اثبات میں ہو تو محکمے نے کیا کیا عملی اقدامات اٹھائے ہیں؛

(ج) اس کے لئے کتنی رقم مختص کی گئی ہے؛

(د) اوراس صوبے کی فنی تعلیم پر کیاکیا مثبت اثرات / نتائج مرتب ہوں گے؛

(ذ) اس ہدف کے حصول کے لئے کوئی خصوصی کمیٹی تشکیل دی گئی ہے۔ کمیٹی کے ممبران کے نام، فنی قابلیت اوراب تک حاصل شدہ کامیابیاں / نتائج کی تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب محمود خان (وزیر اعلیٰ) جناب عبدالکریم (معاون خصوصی وزیر اعلیٰ برائے صنعت و حرفت)

(جواب وزیر محنت،ثقافت و پارلیمانی امور نے پڑھا): (الف) ہاں یہ درست ہے۔

(ب) محکمے نے صوبے میں فنی تعلیم اور پیشہ ورانہ تربیت کی بہتری اور ترقی کے لئے درج ذیل اقدامات اٹھائے ہیں:

تربیت اور منظوری:

1) ٹریننگ کی صلاحیت کو 25000 سے بڑھا کر 35000 کر دیا گیا ہے۔ نئے ٹریڈز / کورس جیسے کہ جیمز اینڈ جیولری، فٹ ویئر اور لیدر گڈز وغیرہ۔

2) صوبہ کے پی کے تمام 62اداروں میں روایتی تربیت کو جدید ترین اہلیت پر مبنی تربیت اور تشخیص (CBT&A) سے تبدیل کر دیا گیا۔

3) TVET 36ادارے نیشنل ایکریڈیٹنگ باڈی(NAVTIC) کے ذریعے تسلیم کر لئے گئے۔

4) GCT پشاور کو بین الاقوامی ایجنسی(APACC) اورGPL ہری پور اور GCT نوشہرہ نے رائن لینڈیونیورسٹی جرمنی کے ساتھ تسلیم کیا۔

5) گورنمنٹ ٹیکنیکل ٹیچرز ٹریننگ سنٹر (GTITC) حیات آباد پشاور میں پہلے سنٹر آف ایکسی لینس(CoE) کا کامیابی سے افتتاح اور فعال کیا گیا ہے۔

اسکالر شپس اور انٹرن شپس:

1) خیبر پختونخوا میں TVET سسٹم کو مضبوط بنانے کے لئے 3864 نوجوانوں کو وظائف کا پروگرام متعارف کرایا۔

2) معروف صنعتوں اور ملٹی نیشنل کمپنیوں میں 937 نوجوانوں کو انٹرن شپس کے مواقع۔

تدریسی شعبہ:

1) کل 1458 تدریسی و انتظامی عملے کو مقامی طور پر تربیت دی گئی ہے۔(2015 سے)

2) کل 69 تدریسی و انتظامی عملے کو بین الاقوامی تربیت دی گئی ہے۔(2015 سے)

3) خالی آسامیوں پر کل 604 عملہ بھرتی کیا گیا ہے۔

بنیادی ڈھانچہ/دیکھ بھال/ترقی:

1) 23 اداروں کی تزئین و آرائش / بحالی کی گئی ہے اور 14 اداروں کی جاری ہے۔

2) 08 اداروں کا انفراسٹرکچر مکمل ہو چکا ہے۔

3) 09 نئے ادارے قائم ہوئے ہیں۔

4) 4000 ملین کے نئے منصوبے لائن میں ہیں۔

لیبرز اور ورکشاپس کی اپگریڈیشن:

1) 47 سے زائد اداروں کو 280.24 ملین روپے مالیت کا جدید ترین سامان / مشینری فراہم کی گئی۔

2) 26 کمپیوٹر لیبارٹریز قائم / اپ گریڈ کی گئیں۔

3) پینے کے صاف پانی کو یقینی بنانے کے لئے کے پی ٹیوٹا نے 14 اداروں میں واٹر فلٹریشن پلانٹس لگائے۔

4) بجلی کی بلاتعطل فراہمی کو یقینی بنانے کے لئے 08 اداروں کی سولرائزیشن مکمل کرلی گئی ہے۔

کے پی ٹیوٹا کی ڈیجیٹلائزیشن:

1) 78 فیلڈ انسٹی ٹیوٹ اور ہیڈ آفس میں لائیو بائیو میٹرک حاضری کا نظام اور رپورٹنگ متعارف کرایا۔

2) ڈیجیٹائزڈ ایم اینڈ ای سسٹم کے ذریعے سسٹم کے ذریعے رپورٹنگ سسٹم متعارف کرایا۔

پرائیویٹ سیکٹر:

1) فنی تعلیم کے انتظام میں صنعتکاروں / کاروباریوں کی شمولیت کے لئے 54اداروں کی انتظامی کمیٹی تشکیل دی گئی۔

2) اپرنٹس شپ ٹریننگ پروگرام کے لئے 279اپرنٹس کو 26مختلف فرموں کے ساتھ منسلک کیا گیاہے۔

3) تربیت یافتہ افراد کی آن دی جاب ٹریننگ کے لئے MoUs 83 مقامی صنعت کے ساتھ دستخط کئے گئے ہیں۔

4) انڈسٹریز/فرم/ بزنس میں630 سے زائد طلباء کور کھا گیاہے۔

5) 2579تربیت یافتہ ملازمین کو مختلف کمپنیوں / صنعتوں کے ساتھ رکھا گیا۔

عطیہ کرنے والوں کو متوجہ کرنا:

1) چارسدہ، باجوڑ اور مہمند کے اضلاع میں ٹیوٹا سلسلے کو مالی اور تکنیکی مدد فراہم کرنے کے لئے سوئس کارپوریشن کے ساتھ ایم او یو پر دستخط کئے گئے۔

2) گلبہار میں آئی ٹی سنٹر اور دیر اپر میں وومن ووکیشنل سنٹر کے قیام کے لئے سوئس انٹرنیشنل کے ساتھ ایم او یو پر دستخط کئے گئے۔

3) بین الاقوامی منشیات اور قانون نافذ کرنے والے امور کے ساتھ پراجیکٹ تعاون۔ضم شدہ اضلاع میں "متبادل ذریعہ معاش کے مواقع" کے لئے امریکی سفارتخانہ کے ساتھ ایم او یو پر دستخط کئے گئے۔

4) خیبر پختونخوا میں دو قابل تجدید توانائی کے مراکز کے قیام کے لئے جرمن تعاون سے ایم او یو پر دستخط کئے گئے۔

(ج) سال 22-2021-22 میں فنی تعلیم کے لئے اوسط 5947.007 ملین روپے مختص کئے گئے ہیں۔

(د) 1۔ غربت کی شرح کم ہو گی۔

2۔ نوجوانوں کو روزگار کے مواقع میسر ہوں گے۔

3۔ ہنر مند افراد مثبت سرگرمیوں میں اپنے صلاحیتوں کا موثر استعمال کر سکیں گے۔

4۔ ہنر مند خواتین بطور خاص صوبے کی معاشی ترقی میں معاون ثابت ہوں گی۔

5۔ طلباء کے داخلے کی شرح موجودہ تعداد 27000 سے بڑھا کر 40000 متوقع ہے۔

(ز) خیبر پختونخوا ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی کے تمام اہداف بورڈ آف ڈائریکٹرز کے مقرر کردہ ہیں جس کا چیئرمین وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا ہیں۔ (الف۔لف) جبکہ اس کے علاوہ جو کمیٹیاں موجود ہیں ان کے نام مندرجہ ذیل ہیں:

1۔ Procurement Committee۔(لف۔ب)۔اس کمیٹی کے ذریعے سال 2015 سے لے کر سال 2022 تک 435.55 ملین روپے خرچ کر کے مختلف اداروں کے لئے مشینری اور آلات کی خریداری کی۔

2۔ Finance Committee۔(لف۔ت)۔ فنانس کمیٹی ہر سال اوسط 3.7 ملین روپے کے بجٹ کی منظوری دیتی ہے۔

3۔ Human Resource Committee۔(لف۔ج)۔ اس کمیٹی کے ذریعے اب تک 472 پوسٹوں پر تقرریاں کی گئیں اور مزید نئی تقرریاں جاری ہیں۔

4۔ Strategic Planning and Technical Committee (SP&TC)۔(لف۔ح)۔اس کمیٹی نے اگلے دس سالوں کے لئے 15 ملین روپے کے منصوبے منظور کئے۔

(لف شدہ تفصیلات ایوان کو فراہم کی گئیں)

محترمہ شگفتہ ملک: مننه جی۔ دې سوال کښې چې دا يو تپوس چې ما کوم کړے وو چې په صوبه کښې څومره هم د فنی تعلیم ادارې دی په هغه حوالې سره په دې څه داسې مثبت اثرات دی چې هغه به خلقو باندې هغه کیږی۔ په دیکښې جی په دې جواب کښې لږ شان نور خو ما ته دوئ Detail را کړے دے خو دوئ وائی چې د غربت شرح به کمیږی، د دې سره به ځوانانو ته روزگار ملاویږی، هنر مند خلق چې دی هغوی به د خپل صلاحیتونو مظاهره کوی نو لکه دا به څنګه کوی؟ د دې د پاره خو ټیکنیکل ایجوکیشن پکار دے، د دې د پاره خو ټیکنیکل کالجز د هغې زده کړې د پاره پکار دی۔ نو داسې قسمه جواب چې کوم دے دې حوالې سره داسې ډیر مطمئن نه یم د دې نه خو شوکت صاحب ریکویسټ هم کړے وو او د دې خپل منسټر هم نن نشته۔ نو زما په خیال چې نور پرې زه ډیر بحث نه کوم خو چې دا کوم یو پوائنټ دے په دې باندې زما لږ دغه دی تحفظات دی۔

جناب نثار احمد: جی زه هم په دې یو سپلیمنټری سوال کول غواړم۔

جناب مسند نشین: جی نثار صاحب۔ مائیک آن کړئ جی۔

جناب نثار احمد: شکریه جناب سپیکر صاحب۔ په دې کوئسچن کښې ډیر Detailed دغه راغلی دی او چې دا کله تفصیل سره ما اووکتل نو زه ډیر افسوس سره دا خبره کومه چې زمونږه KP-TEVTA وائی چې مونږه په دغه کښې ټیکنیکل سنټرز او په هغه کښې مونږ Water Filtration Plants لګولې دی۔ نو ډیر افسوس سره چې آیا Ex-FATA ، Newly merged اضلاع چې دی هغه د خیبر پختونخوا حصه نه ده ځکه چې په ټولو ضلعو کښې زمونږ یو یو ټیکنیکل کالج دے او په هغې کښې د دغې هیڅ انتظام نه دے شوې۔ باید چې هغلته دغه په دیکښې راغلی وې او دیکښې لګیدلې وې۔ د دې سره یو بل ډیر اهم خبره دا ده چې دوئ دا وائی چې مونږه د Gems او د Jewellery د پاره چې کوم زمونږ دا Handycraft چې دا کوم په لاسونو کار کوی او دا دغه‌زده کوی او دا سنټرې کهلاؤ کړی دی۔ په New merged area کښې چې څومره Talent دے او څومره په هغې کښې معدنیات دی چې په هغې کښې Nephrite دی، پکښې Grossular دی،په هغې کښې چې دے یاقوت دی، په هغې کښې چې دے نو مختلف Gems دی۔ د هغې د پاره مونږه بار بار چغې وهو د تیرو څلور کالو نه چې تاسو مونږه ته په دغه کالجونو کښې، په ټیکنیکل کالجونو کښې یو بلاک جوړ کړئ چې په دغې باندې کار اوشی او زمونږ خلقو ته روزګار ملاؤ شی او دا دومره آسان روزګار دے چې په دیارلس څوارلس لاکهه روپئی کښې به هر کور کښې یو کارخانه اولګی لکه څنګه چې په سیالکوټ او په فیصل آباد کښې په هر بیټهک کښې کارخانه لګیدلې ده۔ زمونږ خلق به بیا نن Migrate کیږی د روزګار په خاطر، د خیټې د پاره به بیا بهر ته نه ځی۔ نو باید چې تاسو دې څلور کاله کښې په دې باندې غور کړې وې چې تاسو New merged area کښې روزګار څنګه ورکوئ او د ټولو نه غټه ذریعه دا ده چې تاسو هغلته په دغې Gems کښې دغه Extend کړئ او هغلته په هغې کښ چې دے نو روزګار ملاؤ شی او کار پکښې اوشی، خلق Aware شی او چل زده کړی۔ مننه۔

Mr. Chairman: Minister for Industries.

جناب شوکت علی یوسفزئی (وزیر محنت، ثقافت و پارلیمانی امور): شکریہ جناب سپیکر۔ یہ کوئسچن آیا تھا بڑی Detail کے ساتھ اس کا جواب بھی دیا گیا ہے۔ تقریباً پانچ ہزار ملین سے زیادہ فنی تربیت کے لئے رقم مختص کی گئی تھی 22-2021 کے بجٹ میں اور تقریباً میں سمجھتا ہوں کہ اس کے لئے فنی تعلیم اور پیشہ ورانہ تربیت کے لئے جو مختلف اقدامات اٹھائے گئے کافی لمبی اس کی فہرست ہے۔ اس لئے میں نے ریکویسٹ کی تھی شگفتہ ملک صاحبہ سے کہ اگر آپ چاہتی ہیں تو میں اس کو پڑھ کر سنادوں۔ اگر آپ اس سے، اس میں سے کس چیز پہ مطمئن نہیں ہیں جس طرح انہوں نے کہا کہ وہاں پہ پانی کا بندوبست نہیں کیا گیا Filtration کا۔ تو یہ چونکہ Merged area جو ہے یہ بعد میں Merge ہوا ہے FATA کا علاقہ۔ تو اس میں بہت ساری چیزوں کی کمی ہوگی اور شاید اسی وجہ سے وہاں پہ Filtration کا نظام بھی ابھی تک نہیں بنا ہوگا لیکن ان شاء اللہ تعالیٰ آنے والے وقتوں میں اگر کہیں بھی کوئی کمی ہوگی تو اس کو اس لئے پورا کیا جائے گا کہ یہ ہمارے لئے بڑا لازمی ہے۔ ایک تو پورا علاقہ خیبر پختونخوا جو ہے ہمارے پاس یہاں Mine, Minerals بہت ساری چیزیں ہیں اور یہاں تربیت یافتہ لوگوں کی کمی ہے تو جو Technical know how ہے یا ٹیکنیکل وہ ہے وہ ان شاء اللہ تعالیٰ ہم کوشش کر رہے ہیں کہ زیادہ سے زیادہ لوگوں کو تربیت دے کر جو مختلف شعبے ہیں ان کو ہم بہتر کر سکیں۔

جناب مسند نشین: میڈم؟

محترمہ شگفتہ ملک: صحیح دہ جی مننہ۔

Mr. Chairman: Thank you. Question No. 15244, Mr. Khushdil Khan.

* 15244 _ جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: کیا وزیر آبکاری و محاصل ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ ہذا گاڑیوں کی نمبر پلیٹ کا اجراء کرتا ہے اور محکمہ نے نمبرز پلیٹ کی درخواستوں پر عملدرآمد نہیں کر رہا جس کی وجہ سے عوام کو پریشانی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو محکمہ نے سال 2016 سے تاحال کتنی گاڑیوں کے لئے نمبر پلیٹ جاری کئے ہیں۔ نیز نمبر پلیٹ کی مد میں محکمہ کو سال 2014 سے اب تک کتنی آمدن ہوئی ہے۔ مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب محمود خان (وزیر اعلیٰ) جناب خلیق الرحمان (مشیر وزیر اعلیٰ برائے آبکاری و محاصل) (جواب وزیر محنت، ثقافت و پارلیمانی امور نے پڑھا): (الف) ہاں۔ محکمہ ہذا نے نمبر پلیٹ کی ترسیل کے لئے 3-Star M/S کو ٹھیکہ دیا ہوا ہے اور نمبر پلیٹ کی ترسیل جاری ہے۔

(ب) مارچ 2022 میں نیا ٹھیکہ جاری ہوا ہے جس نے اب تک تقریباً 17000 نمبر پلیٹ جاری کئے ہیں۔ محکمہ کو نمبر پلیٹ جاری کرنے سے کوئی آمدن نہیں ہوتی جو بھی نمبر پلیٹ بنانے کی قیمت ہوتی ہے وہی قیمت ادارہ ہذا عوام سے وصول کر کے ٹھیکیدار کو دیا جاتا ہے۔ لہذا اس سے محکمہ کو کوئی اضافی آمدن نہیں ہوتی۔

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: سپیکر صاحب، ډیره مننه۔ جواب خو صحیح نه دے ځکه چې زما تاسو اوګورئ "(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو محکمہ نے سال 2016 سے تا حال کتنی گاڑیوں کے لئے نمبر پلیٹ جاری کئے ہیں۔ نیز نمبر پلیٹ کی مد میں محکمہ کو سال 2014 سے اب تک کتنی آمدن ہوئی ہے۔ مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟"۔ دوئ لیکلی چې "مارچ 2022 میں نیا ٹھیکہ جاری ہوا ہے"۔ اوس د دې سپلیمنټری کوئسچن دا جوړیږي چې 2016 نه د 2022 د دې درمیانه پیریډ کښې مطلب دے د دوئ څه کار کولو؟ دا ټهیکه د دې نه مخکښې چا ته، ځکه زما کوئسچن دا دے 2016 سے تاحال کتنی گاڑیوں کی؟ زه 2016 غواړم زه 2022 نه غواړم۔ اوس سوال دا پیدا کیږي، کوئسچن یہاں پر یہ پیدا ہوتا ہے کہ 2016 سے 2022 ایکسائز ڈیپارٹمنٹ والے کیا کرتے تھے، وہ جاری نہیں کرتے تھے؟ اگر جاری کرتے تھے تو کس معاہدے کے تحت کرتے تھے؟ دوسری بات یہ ہے انہوں نے جو کہا ہے کہ ہم نے اب تک تقریباً ایک، سترہ ہزار نمبر پلیٹ جاری کئے ہیں۔ آمدن؟ میں نے آمدن کے بارے میں پوچھا ہے لیکن آپ کو یہ تو نہیں بتانا چاہیئے کہ اگر آپ کو اس کا آمدن نہیں مل رہا ہے تو کتنے پر آپ مطلب ہے آپ ایک Consumer سے کتنے پیسے مطلب ہے دو پلیٹوں کے لیتے ہیں؟ انہوں نے بھی نہیں بتایا ہے۔ تو یہ بھی میرا سپلیمینٹری کوئسچن ہے کہ ٹھیک ہے آپ کو آمدن نہیں ہے لیکن مفت تو بھی نہیں دیتے ہیں ناں۔ اگر مفت میں دیتے تو پھر یہاں لکھ دیتے کہ ہم یہ Free of cost دیتے ہیں۔ تو یہ بھی نہیں لکھا ہے۔ تو یہ پتہ چل جائے کہ کتنا مطلب ہے آتا ہے۔ اگر آمدن نہیں ہے تو ان کی مطلب ہے Cost کتنی ہے؟ ان کی مطلب ہے لاگت کتنی ہے؟ آآپ مطلب ہے ایک رجسٹریشن کرنے والے سے کتنے پیسے وصول کرتے ہیں اس کی

بھی تفصیل نہیں دی گئی ہے۔ تو یہ میرا مطلب ہے کچھ گزارشات ہیں اگر اس میں کوئی مطلب ہے مجھے دے تو۔۔۔۔

جناب مسند نشین: جی شوکت صاحب۔

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: ایک منٹ۔ سر، یہ 3-Star والا معاملہ ہے ان کو گورنمنٹ نے Ninety days کا وقت دیا گیا اور اب تک انہوں نے مطلب ہے چار لاکھ پلیٹوں میں سے صرف 28000 کی سپلائی کی ہے۔ یہ بھی ذرا بتادیں کہ مطلب ہے کیوں اس طرح یہ ہو رہا ہے؟ Thank you very much۔

جناب مسند نشین: جی صلاح الدین صاحب، سپلیمنٹری۔

Mr. Salahuddin: Thank you, Mr. Speaker Sir! I wonder that they are saying that there is no income from car number plates to the Department and it seems very strange to me I wonder and if they would charge a little bit extra, not too much but if they would charge a little bit extra towards these plates then that could be a step forward the self sustainability instead of drawing money from the exchequer, instead of burden on the exchequer, they could, the department could have been self sustainable so I wonder then why they are not doing this and it's a suggestion as well.

جناب مسند نشین: جی شوکت صاحب۔

جناب شوکت علی یوسفزئی (وزیر محنت، ثقافت و پارلیمانی امور): جناب سپیکر، Suggestion تو بڑی اچھی ہے۔ یہ چاہتے ہیں کہ مزید پیسے لگائیں تاکہ لوگوں سے پیسے بھی ملیں۔ جناب سپیکر، Basically یہ کمپیوٹرائزڈ نمبر پلیٹس ہیں، ایلومینیم کے بنتے ہیں اور جو ڈیپارٹمنٹ ہے، وہ صرف Facilitator کا کام کر رہا ہے۔ یہ باقاعدہ ٹھیکہ دیا جاتا ہے۔ جب ٹھیکہ دیا گیا تو اس وقت کورونا آیا تو دو اڑھائی سال جو ہے وہ کورونا کے اس میں چلے گئے اس میں اس طرح کام نہیں ہو سکا اور تقریباً ستر ہزار نمبر پلیٹس صرف تیار ہو سکے ساڑھے تین لاکھ میں سے لیکن جناب سپیکر، اس کا فائدہ یہ ہوگا کہ یہ Centralized System ہے۔ اگر چترال میں بھی آپ کوئی نمبر پلیٹ جاری کریں گے تو اس کا سیریل نمبر پشاور یعنی سنٹر اس سے لیا جائے گا، یہ نہیں ہو سکے گا کہ چترال کا اپنا نمبر پلیٹ ہے، شانگلا کا اپنا نمبر پلیٹ ہے، سوات کا اپنا ہے۔ یہ سسٹم اب ختم ہو رہا ہے، یہ یونیورسل نمبر پلیٹ جو شروع کی جا رہی ہے اور اس لئے اس کو تھوڑا سا شروع

میں ٹائم بھی لگا، Covid کی وجہ سے Delay بھی ہوا۔ جناب سپیکر، اس کے علاوہ انہوں نے کہا کہ آمدن نہیں ہے۔ تو اس سے حکومت پیسہ نہیں کما رہی، یہ صرف اور صرف Regulate کرنے کی کوشش ہے اور یہ کہ جو ایلومینیم ہے اس کی کوالٹی ہے، Intime اس کو مل سکے۔ یہ Monitoring کا کام جو ہے وہ ڈیپارٹمنٹ کر رہا ہے اس میں ڈیپارٹمنٹ کو کوئی فائدہ نہیں ہے۔ نہ حکومت اس سے اپنے لئے کوئی ٹیکس یا کوئی اور اضافی رقم وصول کر رہی ہے۔ عوام کو صرف Facilitate کرنے کے لئے کہ ایک ہی قسم کی نمبر پلیٹ ہو، کوالٹی نمبر پلیٹ ہو، Intime ہو، ایلومینیم کی بنی ہوئی ہو۔ تو یہ چیزیں جو ہیں اور ایک یہ کہ یونیورسل ہو۔ ایک ہی سیریل نمبر پورے صوبے کے اندر چلے۔ تو یہ جو انہوں نے کہا کہ آمدن کیوں نہیں ہے؟ میرے بھائی تو ان کو حیرانی بھی ہوئی ہے لیکن ایسا بھی صوبہ ہے جس میں نہیں پیسہ کمانا چاہتے عوام سے اور اگر آپ کہتے ہیں، اپوزیشن کا ڈیمانڈ ہے تو میں ڈیپارٹمنٹ سے ریکویسٹ کروں گا کہ اپوزیشن کے ڈیمانڈ کے اوپر کچھ پیسے مقرر کریں اور وزیر خزانہ تو بڑا خوش ہو گا لیکن ہم نہیں چاہتے جناب سپیکر۔ ڈیپارٹمنٹ نے خود کہا ہے کہ ہم اس میں سے پیسہ نہیں لینا چاہتے۔

<u>جناب مسند نشین</u>: جی تیمور خان۔۔۔۔

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی</u>: جناب! میں نے بھی اس حوالے سے بات کرنی ہے۔ تو وزیر خزانہ صاحب دونوں کا اکٹھا جواب دے دیں گے۔

<u>جناب مسند نشین</u>: دوئ جواب غواړی جی نو۔

<u>جناب تیمور سلیم خان (وزیر خزانہ)</u>: دوئ د خبره اوکړی زه به بیا د دوئ هم جواب ورکړم۔

<u>جناب مسند نشین</u>: جی نگہت بی بی!

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی</u>: جناب، ایک ایکٹ پاس ہوا تھا یونیورسل اس پہ۔ تو میں ان سے پوچھنا چاہتی ہوں کہ آیا وہ یونیورسل آپ یہاں پہ لاگو کرنا چاہیں گے۔ یہ تو پرانی آپ بات کر رہے ہیں ناں پرانے پلیٹوں کی اور پرانے نمبرز کی بات کر رہے ہیں۔ یونیورسل جو کہ آپ نے یہاں سے ایکٹ پاس ہوا ہے تو کیا آپ یونیورسل کو جو ہے تو Adopt کرنا چاہ رہے ہیں یا نہیں کرنا چاہ رہے ہیں؟

<u>محترمہ شگفتہ ملک</u>: جی چیئرمین صاحب، یوه وړه غونډې خبره زه کول غواړم۔

<u>جناب مسند نشین</u>: جی شگفتہ بی بی!

محترمہ شگفتہ ملک: مهربانی جی۔ صرف جی دا نمبر پلیټ خبره کیږی او په دې بار بار مونږ خبره کړې ده۔ دا جی لږ تپوس او کړئ د ایکسائز ډیپارټمنټ نه چې د دې ګاډو نمبر پلیټ باندې چې څومره سرکاری دی NWFP پرې او سه پورې لیکلې دے KPK ئې پرې لیکلې دے جی او په دې بار بار مونږ خبره کړې ده او ما دا هم وئیلی وو چې زه به بیا Privilege په دې ډیپارټمنټ راؤړم۔ تاسو اوګورئ چې څومره د سرکار ګاډی دی په هغې NWFP او KPK لیکلې دی دا بالکل غلط دے۔

جناب مسند نشین: جی تیمور خان۔

وزیر خزانہ: جناب سپیکر، انہوں نے دو تین باتیں ایک تو یہ جو شگفتہ بی بی نے پوائنٹ آؤٹ کیا ہے کہ کچھ پرانی گاڑیوں پہ NWFP ہے یا For some reason یہ مجھے نہیں پتہ کہ Even نئی گاڑیوں پہ ہم Abbreviation KPK لکھتے ہیں تو یہ تو غلط ہے۔ یہ میں مانتا ہوں اور یہ جو ہے I don't know ایکسائز سے کوئی آیا ہے خلیق صاحب کی تو، اور یہ ہمیں نوٹ کرنا چاہیئے اگر اس پہ Resolution بھی پاس کرنی چاہیئے KPK نہیں ہونا چاہیئے میرے خیال میں تو پورا خیبر پختونخوا لکھا ہونا چاہیئے اگر Technically آپ نے Abbreviate کرنا ہے تو KP ہونا چاہیئے، لیکن جب ہم نے ستر سال محنت کی ہے صوبے کا ایک نام رکھا ہے تو پورا نام ہو نمبر پلیٹ پہ، نئے نمبر پلیٹس پہ پورا نام ہو، وہ میں نے دیکھی پہلی چیز۔ دوسری چیز جو نگہت بی بی نے کہا تو وہ یونیورسل نمبر پلیٹس شروع ہو چکے ہیں اور ابھی اس کا جیسے شوکت بھائی نے کہا فائدہ یہ ہے کہ ایک نمبر پلیٹس میں جو ایک First degree اور Second degree بن جاتے ہیں تو وہ اب جہاں تک پورے خیبر پختونخوا کا ایک ہی نمبر پلیٹ ہے، اس پہ غزن نے بھی کام کیا تھا جس وقت وہ ایکسائز کو چلا رہا تھا۔ جو تیسری بات ہے اور یہ میرے خیال میں صلاح الدین صاحب کو تو چاہیئے کہ وہ اپنی پارٹی میں بھی ذرا یہ Financial چیزوں پہ ذرا Awareness اور Capacity بڑھائیں لیکن چونکہ ابھی نہیں ہے، ان کو سمجھ نہیں ہے۔ میں شوکت کی بات کو Add کرتے ہوئے یہ کہوں گا کہ بڑا جان بوجھ کے ہم نے اس کی فیس جو ہے وہ کم کی ہے، کیوں کم کی ہے؟ کیونکہ جو دس پندرہ سال جب یہاں پہ Militancy ہوئی تو آپ کو یاد ہے ایسے وقت میں ہماری گاڑیوں کو اسلام آباد میں تنگ کیا جاتا تھا، اس سے Overtime ہمارے نمبر پلیٹ کی Value کم ہو گئی اور یہاں پہ اگر آپ Data دیکھ لیں تو تقریباً پرائیویٹ گاڑی رجسٹر ہی نہیں ہوتی تھی خیبر پختونخوا میں، موٹر بائیکس ہوتے

تھے، کمرشل گاڑی ہوتی تھی، پرائیویٹ گاڑیاں کوئی سو(100) سے بھی کم سال کی ہوتی تھیں۔ تو ہم نے جو جان بوجھ کے اس کا Fee کم کیا، وہ اس لئے کیا کہ Attract ہو جائیں اور سب سے پہلے میں اسمبلی کے سارے ممبرز سے درخواست کرتا ہوں اگر ہم یہاں پہ ابھی ایک Poll کر دیں کہ کس کس کے پاس پرائیویٹ گاڑی ہے اور کس کی پرائیویٹ گاڑی کا نمبر پلیٹ خیبر پختونخوا کا ہے تو جناب سپیکر، شاید یہ آپ کا آگے سٹاف بھی نہ کھڑا ہو، ان کی بھی ساری اسلام آباد میں رجسٹر ہوں گی، تو مہربانی کریں پہلی چیز تو یہ صلاح الدین کی شاید کے پی میں رجسٹر ہے، نہیں رجسٹر؟ بڑی اچھی بات ہے میرے خیال میں سب کو کیونکہ اس سکیم کا حصہ ہے کہ جو Car registration کی Change free of cost ہے Ghazan! Am I right? ،Free of cost ہے، تو آپ مہربانی کریں اسلام آباد اور لاہور کے نمبر پلیٹس کو Change کریں خیبر پختونخوا کا نمبر پلیٹ لگائیں، جتنی زیادہ نمبر پلیٹس ہوں گے خیبر پختونخوا کے پھر کوئی روک نہیں سکے گا۔ فی الحال تو مسئلہ یہ ہوتا ہے کہ سو میں سے ایک گاڑی کہیں اسلام آباد میں پہنچ جاتی ہے خیبر پختونخوا کے پلیٹس سے تو اسے تنگ کیا جاتا ہے تو یہ بڑا ضروری ہے کہ اس پہ ہم Campaign کریں۔ بجٹ کے دنوں میں ایکسائز ڈیپارٹمنٹ سے بات بھی ہوئی تھی کہ آپ اس کے لئے Extra funding بھی لے لیں لیکن ایک Marketing campaign چلائیں کہ ہمیں As Citizens of Khyber Pakhtunkhwa یہ Awareness ہونی چاہیئے کہ ہم یہاں پہ ہی اپنی گاڑی رجسٹر کریں۔ ایک بار جب Value زیادہ ہو جائے گی تو ٹائم کے ساتھ جو اس کا Actual cost ہو گا وہ ہم بڑھا دیں گے لیکن یہ بڑا ضروری ہے۔ اس صوبے نے پچھلے دس سال میں بڑی ترقی کی ہے۔ یہاں کا ابھی ایک Brand بنا ہے میرے خیال میں جو ابھی اسلام آباد میں حالات ہیں تو شاید آگے لاہور اور کراچی کے سارے لوگ خیبر پختونخوا کا نمبر پلیٹ لینا چاہیں گے کیونکہ وہ تو انہوں نے خود کہہ دیا کہ پرانا پاکستان ہے تو ابھی تو لوگ نئے پاکستان میں رہنا چاہتے ہیں۔ تو ہمیں صرف تھوڑی سی Marketing کرنی ہیں۔ صلاح الدین صاحب کی گاڑی کا میں Picture لے لوں گا اور وہ میں Tweet بھی کر دوں گا کہ یہ دیکھ لیں انہوں نے بڑا اچھا ایک قدم اٹھایا ہے اور میری Treasury کے بھی سارے ممبرز سے ریکویسٹ ہے کہ ہم سب اپنی گاڑیاں جو ہیں وہ پشاور میں Re-register کر لیں۔ شکریہ۔

Mr. Chairman: Thank you.

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: جناب چیئرمین!

جناب مسند نشین: جی خوشدل خان۔

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: مسئلہ یہ ہے کہ یہاں پر ہمارے منسٹرز صاحبان کھڑے ہوکر تقریر پھر شروع کر دیتے ہیں،To the point بات کرنی چاہیئے وقت کی مطلب ہے نزاکت کو دیکھتے ہوئے۔ میں خزانہ منسٹر صاحب سے یہ پوچھتا ہوں کہ ہم لگائیں گے، بورڈز بنائیں گے خیبر پختونخوا کا ہمیں فخر ہے، ہم اس صوبے کے لوگ ہیں، ہماری پیدائش یہاں ہوئی ہے لیکن جب پنجاب میں ہم جاتے ہیں، جب اسلام آباد میں ہم داخل ہوتے ہیں وہاں سے جب وہ خیبر، تو پولیس کھڑے ہو جاؤ، کھڑے ہو جاؤ، کھڑے ہو جاؤ، کیانام ہے؟ کہاں سے آئے ہو؟ کیا ہے آپ کے ساتھ، ڈگی کھول دو؟ آپ کے صوبے کی اہمیت نہیں ہے وہاں پر، آپ اس کے لئے کیا کرتے ہیں اور جب وہ اسلام آباد کا دیکھ لیں نمبر تو وہ Salute بھی کرتے ہیں تو اس کے لئے آپ کا کیا ہو گا، ہم تو پھر بھی Identification کرتے ہیں کہ یرہ میں ایم پی اے ہوں چلو ٹھیک ہے لیکن غریب لوگ سپریم کورٹ کی پیشی کے لئے جاتے ہیں یہاں سے اور روزگار کے لئے جاتے ہیں تو آپ کو پتہ ہے کہ پنجاب کی پولیس کا ان کے ساتھ رویہ کیا ہوتا ہے؟ ایک بات۔ دوسری بات یہ ہے سر، انہوں نے ہمیں، مجھے جو جواب تھا وہ نہیں دیا ہے یہ شوکت یوسفزئی صاحب نے، Main question یہ ہے کہ آپ یہ کہتے ہیں کہ ہم نے 3-Star M/S کو ٹھیکہ دیا ہے۔ آپ کے ساتھ انہوں نے Agreement کیا ہو گا، اس Agreement کے مطابق انہوں نے کہا ہے کہ Ninety days میں ہم چالیس ہزار پلیٹس، نمبر جاری کریں گے، ابھی تک انہوں نے پچیس ہزار تک کیا ہے، کیوں اتنا Delay ہو گیا اور یہ مطلب ہے آپ نے جو کیا ہے معاہدہ، کب معاہدہ کیا ہے؟ دوسرا کوسچن جو ہمارا سپلیمنٹری ہے کہ آپ نے 2016 سے 2022 پیریڈ میں آپ نے مطلب ہے کسی کو ٹھیکہ دیا تھا یا نہیں دیا تھا، بس یہ Specific answer مجھے چاہیئے باقی میں Press نہیں کرتا ہوں۔

جناب مسند نشین: جی تیمور صاحب۔

وزیر خزانہ: جناب سپیکر، انہوں نے یہ دو سوال کئے جن کا جواب دینا بڑا ضروری ہے۔ ایک تو انہوں نے یہ کہا کہ گاڑی جو ہے وہ رک جاتی ہے۔ یہ میں کہہ سکتا ہوں دعوے سے کہ ساڑھے تین سال میں مجھے جب عمران خان صاحب کی گورنمنٹ تھی ایک بار اسلام آباد میں نہیں روکا گیا، ہاں ایک بار Fine لگا تھا کیونکہ گاڑی پہ ٹنٹ غلط تھا وہ Fine میں نے دے دیا۔ قانون ہر کسی پہ Apply ہونا چاہیئے، خان صاحب کی گورنمنٹ میں Apply ہوتا تھا۔ اگر ابھی کوئی Issue ہے میرے خیال میں کل پرسوں ان کی میٹنگ

ہوئی تھی ان کے ہمارے بھی جو ہے وہ بزرگ ہیں افتخار حسین شاہ صاحب، پرائم منسٹر صاحب کے ساتھ بیٹھے تھے، یہ باتیں تو ان کو ابھی وزیر اعظم ہاؤس میں Raise کرنی چاہیئے کیونکہ ان کی حکومت ہے اور کیوں جو ہے وہ۔۔۔۔۔

(قطع کلامی)

وزیر خزانہ: نہیں جی یہ صرف یہ صرف تقریر بات، سن لیں بات۔۔۔۔۔

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: آپ تقریر نہ کریں مجھے میری سوال کا جواب دیں جو میں نے کوئسچن کیا ہے۔۔۔۔۔۔

(اس مرحلہ پر حزب اختلاف کے رکن جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ اپنی جگہ پر اٹھ کھڑے ہوئے)

(شور)

وزیر خزانہ: نہیں جی یہ صرف، یہ صرف تقریر، بات سن لیں، بات وہ تو میں نے بتا دیا تھا۔۔۔۔

جناب مسند نشین: لږ ټائم واوره، جواب واوره۔

(شور)

وزیر خزانہ: سپیکر صاحب! دا چې کوم دے دا زه په دې وکیل دا وکیل چې کله خبره راشی۔۔۔۔

جناب مسند نشین: جواب سن لیں پھر بات کریں نا خوشدل خان۔

وزیر خزانہ: دا وکیل چې راشی شور شروع کړی قسم دے که پوهیږی۔ سپیکر صاحب، ان سے ایک بڑا ضروری سوال۔۔۔۔

جناب مسند نشین: آپ بیٹھ جائیں جواب سن لیں۔

(شور)

وزیر خزانہ: سر! ایک سوال ہے۔ سوال یہ ہے جی اس دن، اس دن میں نے ایک گاڑی دیکھی، اس دن میں نے ایک گاڑی دیکھی، بڑا خوبصورت اس کا نمبر پلیٹ تھا، بڑا اچھا بھی تھا، نمبر پلیٹ تھا "ANP 001"، نیچے لکھا تھا "SINDH"، یعنی سندھ، یہ بتا دیں کہ یہ گاڑی کس کی ہے اور یہ سندھ میں کیوں رجسٹرڈ ہے اور اگر ہمارے مشران جا کے سندھ میں رجسٹر کرتے ہیں گاڑی تو پبلک کو کیا Message جائے گا کہ ان کو کیوں جو ہے وہ ایک روپے کا بھی دے دیں صرف اگر آپ نے لگانا ہے یہاں پہ آ کے لگا دیں ہم آپ کو

تو یہ جس کی بھی گاڑی (تالیاں) ANP 001 ڈھونڈ دیں گے لیکن نیچے خیبر پختونخوا لکھا ہو گا۔ ہے اس کو کہہ دیں کہ اگر آپ اس صوبے کے لوگوں کی نمائندگی کرتے ہیں تو پھر مہربانی کریں اس صوبے میں ہی اپنی گاڑی رجسٹر کریں، یہ خوشدل خان صاحب کو Friendly message ہے۔

جناب مسند نشین: جی خوشدل خان۔

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: سر، ایک میں یہ حیران ہوں کہ یہ اپنے چار سال کی کوئی تو کارکردگی بتا دیں کہ انہوں نے NFC award لیا ہے، انہوں نے ہمارے مطلب ہے یہ جو ہمارے۔۔۔۔۔

جناب مسند نشین: خوشدل خان صاحب۔

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: یہ جو NFC ہے، اس میں کتنا حصہ لیا ہے اس صوبے کے لئے مطلب ہے کیا مراعات لائے ہیں انہوں نے تو وہ بقایا جات بھی نہیں دے رہے ہیں۔ دوسری بات۔۔۔۔۔

جناب مسند نشین: خوشدل خان صاحب! کوسچن پہ آجائیں، کیونکہ اب کوسچن باقی بھی ہیں۔

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: آپ بھی مطلب ہے Discrimination کرتے ہیں آپ ان کو نہیں بتاتے ہیں، تقریریں کرتے ہیں چھ منٹ، مطلب ہے کتنے Minutes اس نے لئے ہیں۔۔۔۔۔

جناب مسند نشین: کوسچن پہ آجائیں۔ دوسرا کوسچن ہے آپ کا۔

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: میں تو کوسچن پر آتا ہوں میں نے تو پہلے یہ کہا ہے کہ آپ۔۔۔۔

(قطع کلامی)

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: اپنا کوسچن یہ ہے کہ یہ وقت ضائع کر رہے ہیں، یہ وقت ضائع کر رہے ہیں۔ میرا کوسچن یہ ہے کہ آپ مجھے بتا دیں کہ آپ نے M/S 3-Star کو جب ٹھیکہ دیا ہے کہ آپ نے وعدہ کیا جو معاہدہ کیا کہ Ninety days میں ہم چالیس ہزار دیں گے، پچیس ہزار دیئے، ایک۔ دوسرا یہ کہ 2016 سے لے کر 2022 کے پیریڈ میں کیا کچھ کیا ہے، یہ مجھے بتائے باقی میں Press نہیں کرتا ہوں۔

جناب مسند نشین: جی شوکت صاحب۔

جناب شوکت علی یوسفزئی (وزیر محنت، ثقافت و پارلیمانی امور): دیکھیں انہوں نے کوسچن کیا جواب دے دیا ہے میں نے، ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے جواب دیا ہے اور ابھی جو انہوں نے کہا ہے کہ Delay کیوں ہوا ہے تو ابھی تقریباً کوئی دو Containers جو ہیں وہ پشاور پہنچ چکے ہیں جو چائنا سے ہم نے منگواتے

ہیں، Aluminium کے پلیٹس ہوتی ہیں۔ یہ تو دو Containers آچکے ہیں ان شاء اللہ تعالیٰ Process تیز ہو جائے اور ان کے جو خدشات ہیں وہ ان شاء اللہ ہم دور کر لیں گے۔

Mr. Chairman: Okay, okay. Question No. 15225, Miss Yasmeen, Nighat Yasmeen.

* 15225 _ محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: کیا وزیر صنعت و حرفت ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ موجودہ حکومت نے ضلع جنوبی وزیرستان (سابقہ فاٹا) محکمہ صنعت و حرفت کے شعبے کے لئے ترقیاتی فنڈز مختص کئے ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) مذکورہ محکمے کے لئے کل کتنا فنڈ مختص کیا گیا ہے؛

(ii) مذکورہ محکمے کو کتنا فنڈ ریلیز کیا گیا ہے؛

(iii) مذکورہ محکمے نے کتنا فنڈ تاحال خرچ کیا ہے۔ مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب محمود خان (وزیر اعلیٰ) جناب عبدالکریم (معاون خصوصی وزیر اعلیٰ برائے صنعت و حرفت) (جواب وزیر محنت، ثقافت و پارلیمانی امور نے پڑھا): (الف) جی ہاں۔ یہ درست ہے کہ رواں مالی سال (22-2021) کے دوران صوبائی حکومت نے محکمہ صنعت و حرفت وفنی تعلیم کے لئے ضلع جنوبی وزیرستان (سابقہ فاٹا) کے مختلف منصوبوں کے لئے فنڈز مختص کئے ہیں۔

(ب) (i)، (ii) اور (iii) کی تفصیل (ایوان کو فراہم کی گئی)۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: Sorry جی۔

جناب مسند نشین: ستا سو کوئسچن دے جی۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جی دا جی۔ سر، میں اس کوئسچن سے تو مطمئن ہوں لیکن یہ دوسرے نمبر پہ اگر آپ دیکھیں پہلی دفعہ جو ہے تو انہوں نے مطمئن کیا ہے لیکن پھر بھی جی۔۔۔۔

جناب منور خان: چار سال بعد آپ کو مطمئن کر دیا ہے انہوں نے چار سال بعد۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: (مسکراتے ہوئے) کوئسچن کے بارے میں آپ کا دماغ کہیں اور ہوتا ہے۔۔۔۔۔۔

جناب مسند نشین: جی بی بی۔ نگہت بی بی پلیز

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: دراصل منور خان صاحب جب جمعہ کے دن آتے ہیں ناتو یہ پھر شیطان کے روپ میں ہوتے ہیں (ہنستے ہوئے) جناب سپیکر صاحب، باقی سوال سے تو میں مطمئن ہوں لیکن اگر آپ دوسرے نمبر پر دیکھیں تو جو وانا میں آپ نے مطلب کالج بھی بنایا ہے اور جو آپ نے وہاں پہ فرنیچر، بلڈنگ، میں Appreciate کرتی ہوں کہ پہلی دفعہ ایسا کوئشچن آیا کہ جس میں کہ طلباء جو ہے تو وہ دو Portion میں، دو Portion کا جو جواب انہوں نے دیا ان میں بتایا ہے کہ بھئی کام کا ادھر وہ تعلیم حاصل کر رہے ہیں لیکن دوسرے Portion میں اگر آپ دیکھیں تو وانا میں انہوں نے سب کچھ بنا لیا ہے۔ بلڈنگ بھی بنالی ہے، فرنیچر بھی بنالیا ہے سب کچھ وہاں پہ Set-up موجود ہے لیکن Zero مطلب Percent بھی وہاں پہ کوئی طالب علم نہیں ہے۔ جناب سپیکر صاحب، میں یہ پوچھنا چاہتی ہوں کہ یہ وانا کا ہے تو وانا میں کیا لوگ تعلیم حاصل نہیں کرنا چاہتے یا وہاں کے لوگ تو بہت زیادہ چاہیئے تو یہ کہ وہ لوگ تعلیم حاصل کریں اور وہ لوگ اس میں Admissions لیں کیونکہ گورنمنٹ نے اگر یہ اتنا اچھا کام کیا ہے، جو اچھا کام کرے گا ہم اس کو Appreciate کریں گے، جو اچھا کام نہیں کرے گا اس پہ ہم تنقید کریں گے لیکن اس میں صرف دوسرے نمبر کا جو جواب ہے اس سے میں مطمئن نہیں ہوں کہ بھئی سب Set-up موجود ہے لیکن طالب علم کوئی موجود نہیں ہے۔

جناب مسند نشین: جی شوکت صاحب۔

جناب شوکت علی یوسفزئی (وزیر محنت، ثقافت و پارلیمانی امور): جناب سپیکر، یہ اگر آپ تین نمبر پہ دیکھ لیں تو انسٹی ٹیوٹ کی عمارت تعمیر کی گئی، آلات اور فرنیچر اور عملہ فراہم کیا گیا۔ یہ ادارہ وانا جو جنوبی وزیرستان میں کام کر رہا ہے 170 طلباء نے اس میں داخلہ لیا ہے۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: میں دو نمبر کی بات کر رہا ہوں، اس میں تو ہے۔

وزیر محنت، ثقافت و پارلیمانی امور: جی جی۔ نہیں میں یہ کہہ رہا ہوں کہ آپ نے کہا ہے کہ وانا نظرانداز ہے تو وانا نظرانداز نہیں ہے۔ چونکہ کئی جگہوں پہ اب یہ دیکھیں تقریباً کوئی 509 ملین روپے اب تک اس پہ خرچ ہو چکا ہے اور ظاہر ہے اس میں جو Saving آرہی ہے، اس میں ایک نئی ٹیکنالوجی شروع کر رہے ہیں تو اس میں تھوڑا ٹائم لگے گا جناب سپیکر، تو اس لئے انہوں نے اس کا Figure نہیں دیا ہے لیکن مجھے انہوں نے جو جواب دیا ہے کہ اس پہ ایک نئی ٹیکنالوجی ہم شروع کر رہے ہیں تو اس کے لئے شاید انتظار ہو رہا ہے یا جو بھی ہے تو یہ چونکہ Saving amount تھی جو انہوں نے تقریباً یہ ٹوٹل جو 577 ملین منظور

ہوئے تھے اس کے لئے اور جو خرچ ہوئے ہیں وہ ہے 509 ملین۔ تو اس میں جو Saving آئی اس کے ذریعے انہوں نے یہ Set-up بنانے کی کوشش کی اور نئی ٹیکنالوجی متعارف کروا رہے ہیں۔۔۔۔۔

<u>جناب مسند نشین</u>: جی بی بی۔

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی</u>: سپیکر صاحب، بالکل ان کی بات ٹھیک ہے لیکن بات یہ کہ اگر آپ دیکھیں جو ہے یہ نمبر کوڈ اور سکیم کا نام۔ اے ڈی پی اگر آپ دیکھیں، یہ دوسرے نمبر پہ ہے- "1097/193193 Establishment of Technical Institute at Wana in S.W.Agency (A) BOD/26/12/2017(FDA)"۔ اس میں میں پوچھنا چاہ رہی ہوں کہ اس میں انسٹی ٹیوٹ کی عمارت تعمیر کی گئی، آلات اور فرنیچر اور عملہ فراہم کیا گیا۔ یہ ادارہ وانا جنوبی وزیرستان میں کام کر رہا ہے لیکن سٹوڈنٹ کوئی موجود نہیں ہے۔ یہ میں پوچھنا چاہ رہی ہوں جی۔

<u>وزیر محنت، ثقافت و پارلیمانی امور</u>: میں عرض کر رہا ہوں جناب سپیکر، کہ چونکہ یہ اب نیا ادارہ بنا ہے تو جن جن اداروں میں جیسے جو اوپر ہے 160 طلباء First اس میں ہے۔ third, 170 اس میں ہے۔ Second جو ہے وہ ابھی اس میں Process start ہے تو جیسے ہی 22-21 میں فائنل ہوا ہے نا، 22 میں فائنل ہوا ہے۔ آپ دیکھیں اس کا وہ دیا ہوا ہے تو یہ کر رہے ہیں۔ اس کے علاوہ جو Saving آئی تھی، میں یہ کہہ رہا ہوں کہ ایک اور ٹیکنالوجی متعارف کرا رہے ہیں وہاں پہ۔ Thank you۔

<u>Mr. Chairman</u>: Okay. Question No. 15317, Miss Humaira Khatoon.

* 15317 _ <u>محترمہ حمیرا خاتون</u>: کیا وزیر اوقاف ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حکومت نے مالی سال 22-2021 کے بجٹ میں خطیبوں اور پیش اماموں کے لئے وظائف کے مد میں 2.6 ارب روپے رکھے ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو اب تک صوبہ بھر میں ضلع وار فی کس کتنے خطیبوں اور پیش اماموں کو مذکورہ وظائف فراہم کئے گئے ہیں۔ فراہم کی گئی رقوم کی ضلع وار مالیت سمیت مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

<u>جناب محمود خان (وزیر اعلیٰ) جناب محمد ظہور مشیر وزیر اعلیٰ برائے اوقاف و مذہبی امور</u>: (الف) جی ہاں۔

(ب) صوبہ بھر میں ضلع وار 16061 آئمہ کرام اور 213 (تصدیق شدہ) اقلیتی رہنماؤں کو مذکورہ وظائف دیئے جائیں گے جن میں سے اب تک 12645 آئمہ کرام اور 201 اقلیتی رہنماؤں کو

Cheques تقسیم کر دیئے گئے ہیں۔ ضلع وار آئمہ کرام اور اقلیتی رہنماؤں کو Cheques کی تقسیم کا عمل جاری ہے جس کی تفصیل لف ہے۔

(لف شدہ تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی)

<u>محترمہ حمیرا خاتون:</u> شکریہ سپیکر صاحب۔ سپیکر صاحب، اس سوال میں Contradiction بہت زیادہ ہیں۔ آپ اس کا پہلا، یہ جز (ب) جو ہے اس کو دیکھ لیں تو ٹوٹل جو آئمہ کرام کو دینے تھے وہ 16061 آئمہ کرام خود Identify کروائیں گورنمنٹ نے، ڈیپارٹمنٹ نے لیکن دیئے گئے جو ہیں تو وہ 12645 ہیں، تو اور اس میں ایسے ایسے اضلاع کے آئمہ کرام کو Payments نہیں ہوئی جیسے مانسہرہ میں، بٹگرام میں، کرم میں۔ اب مانسہرہ میں تو یہ، مردان میں، پشاور میں چار آئمہ کرام کو ملے ہیں، تو یہ یعنی کونسا انصاف ہے، کونسا طریقہ کار ہے؟ تو میری تو منسٹر صاحب سے ریکویسٹ ہے کہ اس کو کمیٹی میں بھجوادیں، اس میں بہت زیادہ جو ہے اس میں چیزیں ہیں، اقلیت کے لحاظ سے بھی اس میں جو بات ہے وہ بالکل واضح نہیں ہے۔

<u>محترمہ نعیمہ کشور خان:</u> جناب سپیکر!

<u>جناب مسند نشین:</u> جی نعیمہ کشور، نعیمہ کشور۔

<u>محترمہ نعیمہ کشور خان:</u> شکریہ جناب سپیکر صاحب، پہلے تو یہ جو اعزازیہ دیا جارہا ہے یہ بہت کم ہے کیونکہ تقریباً 10 ہزار ہے اگر آپ دیکھیں تو آپ فنکاروں کو 30 ہزار دے رہے ہیں تو یہ بہت کم ہے۔ دوسرا میرا اس میں ضمنی جو اصل کوسچن ہے، وہ یہ ہے کہ آپ ان کو Regularize کیوں نہیں کرتے جس طرح اسلام آباد کے جو آئمہ کرام ہیں، ان کو گریڈ 14 اور 16 دیا گیا ہے، ان کو صحیح طرح سے وہ دیا گیا ہے تو یہاں پہ ان کو اعزازیہ تک کیوں محدود رکھا گیا ہیں، ان آئمہ کرام کو آپ Proper scale کے Through کیوں نہیں دے رہے ہو۔ اسی طرح آپ کو مذہبی امور اس کو کیوں نہیں دے رہا ہے؟ دوسرا میرا اس میں یہ ہے کہ آپ، اس میں یہ ہے کہ آپ اس میں اقلیتوں کو کتنا Accommodate کر رہے ہیں، اقلیت کے جو پادریز ہیں، ان کے جو پیشوا ہیں ان کو آپ کتنا Accommodate کر رہے ہیں۔ Thank you۔

<u>جناب رنجیت سنگھ:</u> سپیکر صاحب!

<u>جناب مسند نشین:</u> جی رنجیت سنگھ صاحب، رنجیت سنگھ۔

<u>جناب رنجیت سنگھ:</u> شکریہ سپیکر صاحب۔ جیسے نعیمہ کشور صاحبہ نے بھی ابھی یہ بات کی، میرا ابھی یہ کہنا تھا کہ جہاں خطیبوں، اماموں اور ہمارے جتنے بھی دین اسلام سے جڑے لوگ ہیں وہاں ان کو یہ اعزازیہ دیا جارہا

ہے، وہاں پہ Minorities کے لوگوں کو کچھ کو ابھی تک مل چکا ہے۔ میں یہ کہنا چاہ رہا تھا لیکن کچھ معاملات ہمیں ایسے، دیکھے میں صرف ان سے یہ پوچھنا چاہوں گا ڈیپارٹمنٹ سے، کیا ایسی کوئی شق ہے ان کو اعزازیہ دیتے وقت کہ ان میں سرکاری ملازم ہونا یا نہ ہونا ضروری ہو؟ دوسری بات کیونکہ ہمارے بہت سارے ایسے پنڈت صاحبان، ایسے گرنتھی صاحبان، ایسے ہمارے جو ہیں پادری صاحبان وہ کئی سارے ایسے لوگ ہیں جو سرکاری ملازمین بھی ہیں۔ اگر اس کے اندر کوئی ایسی چیز رکھی گئی ہے کہ ہم سرکاری ملازمین کو نہیں دیں گے، تو میری ریکویسٹ ہے کہ اس کو ختم کیا جائے کیونکہ حال ہی میں کچھ ایسا واقعہ ہوا کہ بنوں میں کسی کو دیا گیا تھا تو مجھے پتہ چلا کہ وہاں سے ان کے ڈی سی آفس سے کچھ لوگ Call کر رہے تھے کہ جو Cheques ہم آپ کو دے چکے ہیں آپ انہیں Refund کریں۔ تو یہ غریب لوگ ہوتے ہیں، ان کا ہماری Community میں جتنے بھی تقریباً لوگ ہیں وہ Jobs بھی کرتے ہیں اور وہ شام کو اپنی خدمات بھی اپنے گردوارے، مندر اور چرچز میں دیتے ہیں۔۔۔۔۔

<u>جناب مسند نشین</u>: ٹھیک ہے، ٹھیک ہے۔

<u>جناب رنجیت سنگھ</u>: تو ایک تو یہ میں چاہوں گا کہ اگر ایسا کچھ اس میں شق ہے تو اس کو ختم کیا جائے Specially minorities والی اور دوسری بات یہ ہے کہ یہ اعزازیہ کم ہے اس اعزازیہ کو بڑھایا جائے۔۔۔۔۔

<u>جناب مسند نشین</u>: جی۔

<u>جناب رنجیت سنگھ</u>: تاکہ ان کو بھی اپنی۔۔۔۔۔

<u>جناب مسند نشین</u>: جی منسٹر۔

<u>جناب رنجیت سنگھ</u>: اور تمام لوگوں کو جو رہتے ہیں بہت سارے لوگ ابھی رہتے ہیں ابھی تک ڈیپارٹمنٹ انہیں یہ اعزازیہ نہیں دے سکا کیونکہ یہاں پہ ہماری میں کرسچن کمیونٹی کی بات کروں تو اس میں بہت سارے پادری صاحبان ایسے ہیں۔۔۔۔۔

<u>جناب مسند نشین</u>: جی۔

<u>جناب رنجیت سنگھ</u>: جو گھر گھر جاکر گھر میں۔۔۔۔۔

<u>Mr. Chairman</u>: Okay, okay.

<u>جناب رنجیت سنگھ</u>: بہت سارے ایسے چرچ۔۔۔۔۔

جناب مسند نشین: جی منسٹر اوقاف۔

جناب محمد ظہور (مشیر وزیر اعلیٰ برائے اوقاف، حج و مذہبی امور): شکریہ سپیکر صاحب، میڈم نے جو سوال پوچھا ہے اس کو تو جواب دیا گیا ہے لیکن وہ کہہ رہی ہیں کہ اس میں کچھ Contradiction ہیں، کچھ مسئلے مسائل ہیں بات یہ ہے کہ وہ جو جتنی بھی جو سکروٹنی کمیٹی بنائی گئی تھی اس میں اسسٹنٹ کمشنر ہیڈ کوارٹر اور اس کے ساتھ کچھ پی اینڈ ڈی والے تھے، تحصیلدار، متعلقہ سپیشل برانچ پولیس انہوں نے جو Identify کی تھی وہ تو زیادہ دینے کے لئے 16061 آئمہ کرام جو ہیں ناوہ اس پہ جو ہے نا ہم نے کام کیا۔ تو 16061 آئمہ کرام اور 2013 اقلیتی رہنماؤں کو یہ اعزازیے دیئے جائیں گے جس میں سے اب تک 12645 آئمہ کرام کو اور 201 اقلیتی رہنماؤں کو Cheques جاری کئے جا چکے ہیں۔ جو انہوں نے سوال اٹھایا میڈم نے کہ مانسہرہ میں اور اس میں کچھ Cheques تقسیم نہیں کئے ہیں، تو وہ یہ ہے اس میں جو Scrutiny Committee تھی انہوں نے کچھ وہ لگائے تھے جن آئمہ کرام کے کچھ مسئلے مسائل تھے بینک اکاؤنٹس نہیں تھے، Scrutiny Committee بنائی گئی تھی تو وہ اس کا Late ہو گیا تھا جس کی وجہ سے وہ مثال کے طور پر اگر نومبر میں اس کی کچھ Scrutiny مکمل ہو گئی ہے تو انہوں نے پھر نومبر کے Cheques نہیں دیئے، نومبر تک پچھلا جو کوارٹر ہے تو اگلے کا دے دیا ہے۔ اس وجہ سے ہم نے تمام اضلاع کو وہ پیسے Release کئے جا چکے ہیں، وہ اضلاع کی وہ اس پہ جو ہے نا اس کی جس کی وجہ سے، اضلاع کی وجہ سے اس کو پیسے Release نہیں کئے جا رہے ہیں باقی مسئلہ یہ بھی ہو سکتا ہے کہ اس پہ دو دستخط ہوتے ہیں دو افسران کے، ایک جو ہے نا پی اینڈ ڈی کا جو اے ڈی سی ہوتا ہے، دوسرا جو ہے نا اسسٹنٹ کمشنر ہوتا ہے، بعض اوقات اس وجہ سے بھی ان کے تبادلے ہوتے رہتے ہیں پھر Cheques وہ بینک میں جو ہے نا دستخط کئے جاتے ہیں۔ تو ایک افسر جب تبدیل ہوتا ہے تو دوسرا آتا ہے تو اس لئے Delay ہو جاتا ہے۔ دوسرا یہ کہ پھر دو الیکشن آ گئے بیچ میں، ایک تھا وہ جو لوکل گورنمنٹ الیکشن تھے دسمبر اور مارچ میں، جس کی وجہ سے بھی ہمیں Cheques روکنے پڑے لیکن میں یقین دلاتا ہوں کہ سب کو ان شاء اللہ یہ اعزازیہ دیا جائے گا اور وہ جو پیسے جو نہیں دیئے گئے پہلے کوارٹر کے، وہ ڈی سیز اپنے اکاؤنٹ میں ٹرانسفر کر چکے ہیں، وہ ان کے پاس Surplus میں ہیں اور وہ ان شاء اللہ ان کو دیئے جائیں گے۔ دوسری بات یہ ہے کہ جن اضلاع نے پہلے کوارٹر اور دوسری کوارٹر کے پیسے Utilize نہیں کئے تو اس وجہ سے فنانس ڈیپارٹمنٹ نے تیسرے اور چوتھے کوارٹر کے پیسے یا تو کم Release کئے ہیں یا ان کو نہیں دیئے ہیں۔ دوسری بات جو میڈم نے کی ہے

وہ تو ان کو جواب مل گیا ہو گا ان شاء اللہ ہم اس کو جو کم ہے پہلے تو میں بتا رہا ہوں میڈم کو کہ پہلے تو آپ ان کو قبول کر لیں، آپ کی پارٹی تو ان کو بھی قبول نہیں کر رہے ہیں سب جو ہے ناوہ تبلیغ کر کے کہ وہ نہ لیں پیسے، یہ تو میں کہہ رہا ہوں کہ میں ان شاء اللہ اس کو ان شاء اللہ بڑھائیں گے اس کو ان شاء اللہ۔۔۔۔۔

جناب مسند نشین: جی۔

مشیر وزیر اعلیٰ برائے اوقاف، حج و مذہبی امور: یہ ہم پہ فرض ہے کیونکہ وہ ایک اہم کردار ادا کرتے ہیں آئمہ کرام، ان شاء اللہ اس کو ہم بڑھائیں گے اس اعزازیئے کو۔ دوسرا جو رنجیت سنگھ نے سوال اٹھایا ہے کہ اس کو سرکاری نوکر ہے بالکل اس Criteria میں شامل تھے آئمہ کرام اور جو مذہبی اقلیتی رہنماء ہیں کہ اس میں سرکاری جو نوکر ہے وہ اس میں شامل نہیں ہو گا لیکن بہر حال رنجیت بھائی نے جو سوال اٹھایا ہے میں ان شاء اللہ اپنے ڈیپارٹمنٹ اور اپنے فنانس ڈیپارٹمنٹ کو کہوں گا کہ آپ اس کو خاص کر اقلیتوں کے بارے میں کچھ کر لیں گے۔۔۔۔۔

جناب مسند نشین: جی۔

مشیر وزیر اعلیٰ برائے اوقاف، حج و مذہبی امور: لیکن بہر حال یہ Criteria سب کے لئے ہیں۔

جناب مسند نشین: جی میڈم۔

محترمہ حمیرا خاتون: جی منسٹر صاحب چونکہ میں ان کا بہت احترام کرتی ہوں، میں سمجھتی ہوں کہ منسٹر صاحب خود اس بات کو سمجھ رہے ہیں کہ اس سوال میں Contradiction ہے۔ دیکھیں یہاں پہ جو 16061 بتایا گیا ہے تو یہ بھی ٹوٹل وہ تعداد نہیں ہے جو ہمارے صوبے کے اندر آئمہ کرام موجود ہیں، یہ تو Identify کئے ہیں ڈیپارٹمنٹ نے اچھا جو Identify ہوئے ہیں ان کو بھی پورا نہیں دیا گیا، اس میں ان کو بھی 12645 افراد کو دیئے گئے ہیں تو مسائل اس میں ہیں جیسے اقلیت والوں کا بہت اس میں وہ لوگ Suffer ہو رہے ہیں۔ لہذا میرا یہ خیال ہے کہ ہم لوگ کمیٹیاں اسی لئے بناتے ہیں کہ وہاں پہ اس چیز ان۔۔۔۔۔

جناب مسند نشین: ہاؤس کو Put کر لیں۔

محترمہ حمیرا خاتون: اس طرح کے سوالات کی سکروٹنی ہو اور وہاں پہ ذرا Detail سے اس کے مسائل کو دیکھا جائے تو یہ میری ایک ریکویسٹ ہے کہ اس کو آپ کمیٹی میں Refer کریں۔

جناب مسند نشین: جی منسٹر صاحب۔

مشیر وزیراعلیٰ برائے اوقاف، حج ومذہبی امور: جی میڈم! دوسری بات میں آپ کو یہ کہہ رہا ہوں ناکہ جو کہہ رہے ہیں کہ آپ سب کو ملے نہیں ہیں۔ ایک سیاسی جماعت ہمارے صوبے میں ہے وہ اس کی بھرپور مخالفت کر رہی ہے اور جس کی وجہ سے بھی وہ آئمہ کرام بے چارے وہ ان کی وجہ سے وہ Cheques نہیں لے رہے ہیں۔ ٹھیک ہے باقی اگر آپ مطمئن نہیں ہیں بالکل مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے ہم اس کو کمیٹی میں بھیج دیں گے، مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے۔ Okay۔

جناب مسند نشین: کمیٹی میں بھیج دیں؟

مشیر وزیراعلیٰ برائے اوقاف، حج ومذہبی امور: ہاں بھیج دیں کمیٹی میں۔

جناب مسند نشین: اچھا۔ The question before the House is that Question No. 15317, may be referred to the concerned Committee? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Chairman: The 'Ayes' have it. Question is referred to the concerned Committee. Question No. 15408, Miss Baseerat Khan.

* 15408 _ محترمہ بصیرت خان: کیا وزیر جنگلات ارشاد فرمائیں گے:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ بلین ٹری مہم کے دوران ضلع خیبر کی تحصیل جمرود اور لنڈی کوتل میں کل کتنے پودے لگائے ہیں جن جگہوں پر پودے لگائے ہیں، ان جگہوں کے نام فراہم کریں اور فی پودے کی قیمت کی تفصیل بھی بتائیں؛

(ب) پودوں کی شناخت فراہم کریں کہ کس قسم کے پودے لگائے ہیں۔ مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

سید محمد اشتیاق (وزیر ماحولیات): (الف) ٹن بلین ٹری مہم کے دوران ضلع خیبر کی تحصیل جمرود اور لنڈی کوتل میں کل 1089057 پوداجات لگائے ہیں۔ تفصیل مندرجہ ذیل ہے:

نمبر شمار	تحصیل	مقام لگوائی	قسم پودہ جات	تعداد	قیمت فی پودہ
1	جمرود	بیبی شاکس بلاک پلانٹیشن	کیکر، پھلائی، سنتھ، یوکلپٹس، فرنسیانہ	860000 عدد	PC-I کے مطابق مبلغ 69.74 روپے فی پودہ کی لاگت جس میں پودے کو نرسری سے پودے لگانے والے علاقے تک پہنچانا، کھڈہ جات کھودنا، پانی دینا، فیل شدہ پودہ جات کی تبدیلی اور تین
		تودہ میلہ		268750 عدد	
		تنگے		64500 عدد	
		ورسک ملاگوری		107500 عدد	

		بیبی شاکس کنڈور ٹرنچ	پھلائی، یوکلپٹس، شیشم، کیکر، چیڑھ، بیر	35182عدد	سال تک مسلسل چوکیداری کے لئے مختص کی گئی ہے
		سب ٹوٹل		561932عدد	
2	لنڈی کوتل	اعظم کنڈاو	چیڑھ، پھلائی، یوکلپٹس، شیشم، فرنسیانہ، کیکر	123625عدد	
		جباگئی الاچہ		43000عدد	
		نرئے کنڈاو لوئے شلمان		64500عدد	
		نزرخیل		172000عدد	
		تورکس		107500عدد	
		اعظم کنڈاو روڈ سائیڈ	اولینڈر، کیکر	6600عدد	
		کم شلمان روڈ سائیڈ		9900عدد	
			سب ٹوٹل	527125عدد	
			گرینڈ ٹوٹل	1089057عدد	

(ب) کیکر، پھلائی، سنتھ، یوکلپٹس، فرنسیانہ۔ اولینڈر، چیڑھ شیشم، بیر۔

محترمہ بصیرت خان: شکریہ چیئرمین صاحب۔ چیئرمین صاحب، میرا کوئسچن تھا کہ Billion Tree مہم کے دوران ضلع خیبر تحصیل جمرود اور لنڈی کوتل میں کل کتنے پودے لگائے گئے۔ جن جگہوں پر پودے لگائے ہیں، ان جگہوں کے نام فراہم کریں اور فی پودے کے قیمت تفصیل بھی بتائی جائے۔ چیئرمین صاحب، زما کوئسچن چې کوم دے جمرود او لنډی کوتل کښې چې کوم Billion Tsunami Tree په هغې کښې کوم بوټی لګیدلې دی، د هغې باره کښې تفصیل دے۔ چونکه زمونږه ډیر قدرمند مشر اشتیاق ارمړ صاحب زه ډیر عزت کومه خو په دې کوئسچن کښې Contradiction دے، دا کوئسچن ما مئی 2021 کښې کړے دے، اپریل 2021 کښې هم، خو چونکه سیشن به Prorogue شو نو دا کوئسچن به په فلور باندې رانغلو، اوس دا Answer، دوانړو Answers کښې زه تاسو ته وایم چې دوانړو Answers کښې د Three lac بوټو Difference راځی چې کوم ما ته اولنې Answer ملاؤ شوے دے په

27-04-2021 باندې او کبنې نو هغې کبنې ما ته وئیلې شوی دی چې "1376042پودے لگائے گئے ہیں"، چې کوم کوئسچن ما ته نن ملاؤ شوے دے او کوم Answer نن دے نو دیکبنې ما ته وئیلې دی چې "1089057پودے لگائے گئے ہیں".
نو منسټر صاحب ته به زما دا خواست وی چې نور Details ته تلو نه اول خو دا دړې لکهه بوټې په مینځ کبنې چرته غائب شو، په دې یو کال کبنې (تالیاں)
هم تاسو ډیپارټمنټ والا دا دړې لکهه بوټې چرته غائب کړل؟ نو Detail خو به زه وروستو راځمه.

جناب مسند نشین: جی منسٹر صاحب، جی منسٹر۔

سید محمد اشتیاق (وزیر ماحولیات): شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ جس طرح محترمہ نے خود بتایا ہے کہ میں نے ایک کوئسچن پتہ نہیں کہ کب مئی میں کیا تھا اور ابھی دوسرا کوئسچن جواب ابھی آیا ہوا ہے تو اس میں تو خود Contradiction ہے۔ یہ اس وقت کی بات کر رہی ہیں جب ہم یہ پودے لگا رہے تھے تو اس وقت سے اب تعداد ہماری بڑھ گئی ہے اور اس کو پورا Figure دیا گیا ہے کہ ابھی تک ہم نے کوئی 10 لاکھ 89 ہزار درخت لگائے۔ دوسرا اس نے پوچھا ہے کہ کون کونسی جگہ پہ لگائے ہیں تو وہ ابھی Identify ہوا ہے اس میں کہ کس کس جگہ ہم نے لگائے۔۔۔۔

جناب مسند نشین: میڈم پوچھ رہی ہیں پہلے تیرہ لاکھ تھے۔

وزیر ماحولیات: نہیں نہیں۔ میں تھوڑا سا میں ابھی آپ کی طرف آ رہا ہوں اور اس پہ کتنی لاگت آئی ہے تو ہمارا ایک پودے پہ 96.97 تقریباً خرچہ آیا ہے یہاں سے نرسری سے اٹھا کے ان کے لئے کھڈے کھودنا، اس کو لگانا، اس کو پانی دینا، Everything failure ہونا، اس کو دوبارہ تبدیل کرنا۔ تین سال ہم اس کی حفاظت کرتے ہیں۔ تو یہ ساری چیزیں آپ کو بتائی گئی ہیں اب آپ کا سوال Table نہیں ہوا ہے یا یہاں پہ نہیں آیا تو آپ اس کی بات کر رہی ہیں، پھر ابھی جو ہم بات کر رہے ہیں تو میرے خیال میں Contradiction آپ کے سوال میں ہے لیکن پھر بھی میں آپ کو جواب دے رہا ہوں کہ یہ چیزیں اس میں ہیں جو آپ کو بتائی گئی ہیں۔ ہمارے پاس Coordinates تھے اور کون کونسے درخت ہم لگاتے ہیں وہ بھی آپ کو بتایا گیا ہے۔ یہ ساری چیزیں آپ کو Explain کی ہوئی ہیں، اس میں تو میرے خیال میں وہ

چیز آپ نے خود بتائی کہ میں نے ایک کوئسچن اس میں کیا اور دوسرا کوئسچن میرے خیال میں ابھی آپ نے کیا ہے، تو دونوں میں اس لئے کیونکہ ہم تو آگے بڑھ رہے ہوتے ہیں۔

جناب مسند نشین: جی میڈم۔

محترمہ بصیرت خان: چیئرمین صاحب، کوئسچن یہ ہے میں یہی بات کر رہی ہوں یہی کوئسچن ہے، As it is question ہے، کوئسچن میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی تھی کیونکہ وہ Question on the Floor آیا نہیں تھا، Session prorogue ہو گیا تھا تو اسی کوئسچن کو میں بار بار Submit کروا رہی تھی تو کوئسچن میں پودے بڑھے نہیں ہے، جو Start میں کہا تھا کہ تیرہ لاکھ ہے اب دس لاکھ ہو گئے، کوئسچن یہ ہے کہ پودے کم ہوئے ہیں۔ابھی تک تو اچھا یہاں پہ جو مجھے فی پودا اس ٹائم بتایا گیا تھا تو انہوں نے کہا تھا کہ پانچ روپے اس پہ خرچہ آیا ہے ابھی 95 روپے لکھا گیا ہے چلو وہ میں پھر بھی یہ سمجھ لوں گی کہ اس کی جو نگہداشت ہے یا جو بھی اس کے لئے جو لوگ رکھے گئے اس کو سب ہم میں Accept کر لیتی ہوں لیکن جو یہ تین لاکھ پودے غائب ہوئے ہیں اس کا ذرا بتا دیا جائے۔ یہ کوئسچن میرے پاس دونوں On record ہیں یہ سب دیکھ بھی سکتے ہیں۔یہاں پہ جو لکھا گیا ہے کہ اعظم کنڈاؤ روڈ سائڈ اور کم شلمان روڈ سائڈ پہ اولینڈر اور کیکر کے جو پودے ہیں وہ وہاں پہ لگائے ہیں، چونکہ میں اسی علاقے سے ہوں وہاں پہ 16500 پودے کہہ رہے ہیں۔ سر، آپ ہی میرے ساتھ جائیں اور میں بھی چلی جاتی ہوں، دیکھ لیتے ہیں کہ 16500 پودے وہاں پہ لگے ہیں کہ نہیں لگے؟ میری ریکویسٹ یہ ہو گی چونکہ اشتیاق ارمڑ صاحب کی میں بہت قدر کرتی ہوں لیکن چونکہ اس کوئسچن میں تضاد ہے اگر اس کوئسچن کو کمیٹی میں Refer کر دیا جائے تو آپ کو بھی پتہ چل جائے گا اور ہمیں بھی کہ اس میں پودے کیوں اتنے کم ہوئے ہیں۔ شکریہ جی۔

جناب مسند نشین: جی اشتیاق ارمڑ۔

وزیر ماحولیات: جناب سپیکر صاحب، یہ جو بات کر رہی ہیں یہ اے ڈی پی سکیم کی بات کر رہی ہیں اس میں ہمارے تین لاکھ، اس میں ہم نے اس کو بتایا تھا کہ یہ ہم لگا دیں گے لیکن جو بڑھتے ہیں ہمارے سیزن ہوتے ہیں جس طرح ابھی ہمارا مون سون کا Drive چل رہا ہے تو اس میں ابھی ایک جو ہوتا ہے یہ بہار کے موسم میں ہم لگاتے تھے اب ہمارا دوسرا سیزن شروع ہو جاتا ہے تو ٹھیک ہے اگر اس کو کوئی مسئلہ ہے تو میں بالکل آپ کی خیبر کی ہو قریب ہی ہو تو میں یہاں پہ ڈی ایف او صاحب بیٹھے ہیں ہمارے Conservator صاحب بیٹھے ہیں، آپ ان کے ساتھ ہمارے Coordinates ہوتے ہیں جس جگہ پہ

ہم لگاتے ہیں اس کو ہم Coordinate کہتے ہیں ہمارے ویب سائٹ پر موجود ہے۔اگر آپ دیکھنا چاہتی ہیں تو بڑی خوشی کی بات ہے کہ آپ خود دیکھیں تو ہمیں بھی خوشی ہو گی کہ آپ ہمارے چیز کو Appreciate کریں پھر تو میں یہاں پہ ڈی ایف او صاحب کو بھی کہتا ہوں کہ آپ ان کے ساتھ جائیں بلکہ میں کہتا ہوں خیبر سے جو بھی تعلق رکھتا ہے وہ سارے جائیں آپ کے ساتھ اور دیکھیں بالکل۔

<u>جناب مسند نشین</u>: میڈم۔

<u>محترمہ بصیرت خان</u>: سر،اگر اس کو کُسچن کو کمیٹی میں Refer کر دیا جائے تو بہتر ہو گا۔

<u>جناب مسند نشین</u>: اچھا۔ The motion before the House is that Question No. 15408 number may be referred to the concerned Committee? Those who are in favour of it may say ‘Yes’.

<u>Members</u>: Yes.

<u>Mr. Chairman</u>: And those who are against it may say ‘No’.

<u>Members</u>: No.

<u>جناب مسند نشین</u>: ‘No’ کم دی کنہ۔ کاؤنٹنگ او کړئ۔ حق، جو حق میں ہیں وہ کھڑے ہو جائیں۔ ‘Yes’ والے کھڑے ہو جائیں۔

(مداخلت)

<u>جناب مسند نشین</u>: میڈم! ‘Yes’ کی بھی آواز آئی اور ‘No’ کی بھی آئی ہے۔اب گنتی کر لیں ناں، گنتی کر لیں۔آپ کھڑے ہو جائیں پلیز۔اپنی اپنی سیٹوں پہ کھڑے ہو جائیں۔ ‘Yes’ والے کھڑے ہو جائیں، ‘Yes’ والے سارے کھڑے ہو جائیں۔

(اس مرحلہ پر جو اراکین تحریک کے حق میں تھے وہ اپنے اپنے نشستوں کے سامنے کھڑے ہو گئے)

<u>جناب مسند نشین</u>: گنتی کر لیں۔

(اس مرحلہ پر گنتی کی گئی)

<u>جناب مسند نشین</u>: اب ‘No’ والے جو Against ہیں وہ کھڑے ہو جائیں۔اپنی سیٹوں پہ کھڑے ہو جائیں۔

(اس مرحلہ پر جو اراکین تحریک کے مخالف تھے وہ اپنے اپنے نشستوں کے سامنے کھڑے ہو گئے)

<u>جناب مسند نشین</u>: گنتی کر لیں۔

(اس مرحلہ پر گنتی کی گئی)

(تحریک مسترد کی گئی)

<u>جناب مسند نشین:</u> 34، ایک۔12/34۔ بس Defeated دے ، بس کبنینہ۔ Question No. 15392, Mr. Inayatullah Khan.

* 15392 _ <u>جناب عنایت اللہ:</u> کیا وزیر معدنیات ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) اس وقت صوبہ بھر میں کاپر کے بڑے ذخائر کن مقامات پر واقع ہیں؛

(ب) صوبہ بھر میں موجود کاپر کے ذخائر سے گزشتہ پانچ سالوں کے دوران سالانہ کتنی مالیت کا کاپر حاصل کیا گیا۔ نیز حکومت نے صوبہ بھر میں کاپر کے مزید ذخائر دریافت کرنے کے لئے گزشتہ پانچ سالوں کے دوران کیا اقدامات کئے ہیں۔ تفصیل فراہم کی جائے؟

<u>جناب محمود خان (وزیر اعلیٰ) جناب محمد عارف (مشیر وزیر اعلیٰ معدنیات و معدنی ترقی):</u> (الف) اس وقت کاپر کے دو بڑے ذخائر (دروش) ضلع چترال اور (بویا) ضلع شمالی وزیرستان میں واقع ہیں۔

(ب) اس وقت تک ان ذخائر سے سالانہ کسی بھی مالیت کی کاپر حاصل نہیں کی گئی جس کی وجہ یہ ہے کہ دونوں علاقوں میں ارضیاتی تحقیق اور ترقیاتی کام جاری ہے۔ حکومت نے اس میں پچھلے پانچ سالوں میں دو ایکسپلوریشن لائسنس جاری کئے ہیں۔ دروش چترال میں کاپر کے ذخائر نجی کمپنی کا کام تحقیقی مراحل میں ہے جبکہ بویا وزیرستان میں مائننگ لیز جاری کی جا چکی ہے اور فرنٹیئر ورکس آرگنائزیشن نے پراسیسنگ پلانٹ بھی نصب کیا ہے اور جون 2022 تک وہاں سے کاپر کی پیداوار شروع ہو جائے گی۔

<u>جناب عنایت اللہ:</u> بِسۡمِ ٱللَّهِ۔ مہربانی۔-----

(مداخلت)

<u>جناب عنایت اللہ:</u> نہ نہ تقریر کومہ۔ (قہقہہ) بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ سر، میں اس سوال کا جواب اس سے تو بہر حال میں مطمئن ہوں۔ ایک یہ ہے کہ بڑی تاخیر سے اس کا جواب آیا ہے یعنی کوئی ایک سال پہلے Submit کیا گیا سوال ہے اور جواب اب آیا ہے۔ سسٹم کو تھوڑا Improve کریں کہ جو سوالات ہوں ان کے جوابات فوری طور پر ملیں اور اگر جوابات تاخیر سے دیتے ہیں تو پھر جوابات Updated جوابات دیں۔ پھر ڈیپارٹمنٹ جو ہے وہ کوشش کرے کہ Updated جوابات دے دیں۔ سر، میں اس سوال کے وساطت سے آپ کے نوٹس میں ایک بات لانا چاہتا ہوں اور شوکت صاحب کی توجہ چاہتا ہوں آپ کے Through کہ ملاکنڈ ڈویژن کے اندر یہ جو منرل ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے

مائنز منرل کے نام سے ریت اور بجری کے لوگوں کی زمینوں کے اوپر اب Leases دیئے جارہے ہیں اور جس طریقے سے لوگوں کو اپنے Rights سے اپنے مالکانہ حقوق سے محروم کیا جارہا ہے اور جس طرح Local consumption کے لئے لوگوں کو تنگ کیا جارہا ہے، اس کے خلاف ایک ایک بہت بڑا لاوا پک رہا ہے، ایک بہت بڑی Resentment موجود ہے لوگوں کے اندر۔ اور ساتھ ہی آپ ملاکنڈ ڈویژن کے اندر جو Lease holders ہیں وہ باہر سے لوگوں کو لارہے ہیں اور جو لوکل لوگ ہیں، لوکل لوگوں کو بھی آپ نظرانداز کر رہے ہیں اور اس کے ساتھ ساتھ آپ یہ بھی کر رہے ہیں کہ بہت بڑے بڑے علاقے کلومیٹر پہ مبنی علاقے جو ہیں وہ آپ نے بڑے بڑے Companies کے لئے Reserve کئے ہوئے ہیں اور اس میں Leases بھی نہیں دے رہے ہیں۔ تو نتیجتاً لوکل لوگوں کے اندر اس پوری صورتحال کے حوالے سے ایک Frustration موجود ہے۔ میں اس سوال کے وساطت سے حکومت کے نوٹس میں یہ لانا چاہتا ہوں کہ پوری منرل پالیسی کو جو منرل لاء ہیں اس کو Review کرے اور یہ جو ملاکنڈ ڈویژن کے اندر مسئلہ ہے اس کو دیکھیں، آپ اگر اس کو نہیں دیکھیں گے تو میں آپ کو بتانا چاہتا ہوں کہ ملاکنڈ ڈویژن کے اندر اس کے خلاف اور دو تین اور Issues ہیں، ان کے خلاف ایک Movement شروع ہوگی اور وہ ایک ایسی Popular movement ہوگی جس کے سامنے آپ پھر نہیں ٹھہر سکیں گے۔ لوگوں کو آپ کے چھوٹے چھوٹے انسپکٹرز جو ہیں وہ جاکے اپنی زمینوں کے اوپر ان کے اوپر پابندیاں لگاتے ہیں کہ آپ اس سے بجری اور ریت نہیں نکال سکتے ہیں۔ آپ مسجد کے لئے نہیں نکال سکتے ہیں، آپ گھر کے لئے نہیں نکال سکتے ہیں۔ تو یہ وہ ساری چیزیں ہیں کہ ان کو Regulate کرنے کی ضرورت ہے۔ یہ آپ جو Judiciary ہے اور ہائیکورٹ کے فیصلے ہیں اور Laws ہیں، ان کے پیچھے پناہ لینے کی ضرورت نہیں ہے۔ میں منسٹر صاحب سے یہ ریکویسٹ کرتا ہوں کہ Seriously اس پہ غور کرے اور میں سوال کے جواب سے مطمئن ہوں۔ شکریہ جناب سپیکر صاحب۔

<u>جناب مسند نشین</u>: جی جی۔ جی نثار، نثار صاحب او د هغې نه پس کوئسچن۔ نثار خان۔

<u>جناب نثار احمد</u>: شکریه چیئرمین صاحب۔ د دې سره Related زما سپلیمنټری دا دے چې زما په ضلع مهمند کښې څه کم پینځه سوه داسې Lease دی چې هغه متنازعه دی۔ هم دغسې شنګه چې ډاکټر صاحب اوفرمائیل د خلقو زمکې ئې هم

کړی دی د خلقو نه په غیر هغه باندې ئې هم کړی دی۔ دلته په پیښور کښې دا د ه د هغې د پاره کمیټۍ راغوښتې شوی دی دلته لیزونه شوی دی۔ زما به دا خواست وی چې دا تاسو دوباره Revisit کړئ ډیر زیات Flaws دی پکښې، ډیر زیات بربادی ده پکښې۔ هلته خلق د شمنو ته اورسیدل، هلته خلق د یو بل سره چې دے مرګونو ته روان دی۔ لهذا زما خواست دے چې په دې موجوده دور کښې زمونږ سره په لیزونو کښې چې مونږ کله Merge شو او د هغې سره په لیزونو کښې کوم دغه شوے دے نو، د EX-FATA سره۔ لهذا دا دوباره Revisit کړئ، په دې باندې دوباره نظرثانی اوکړئ او هغه خلقو ته خپل حق ورکړئ او د کومو چې ذاتی پټی دی، هغه ئې دوئ نه Lease کړی دی نو هغه د هغې نه خلاص کړئ۔

<u>جناب مسند نشین</u>: ٹھیک شوه، Thank you۔

<u>جناب نثار احمد</u>: چې هغوی خپله کرونده شروع کړی۔

<u>جناب مسند نشین</u>: بادشاہ صالح۔

<u>ملک بادشاہ صالح</u>: مهربانی سپیکر صاحب۔ دوئ دا ورکړی دی د کاپر متعلق چې یره دا په دروش او په وزیرستان کښې دی نو زمونږ دا دیر چې لیز شوے دے، سنټرل ایکسچینج کاپر لیز شوے دے لوئر دیر اپر دیر۔ دا د کاپر د پاره لیز شوے دے، د ډیر وخت نه او بند دغسې پروت دے جی۔ نو مونږ درخواست کوؤ چې یا د دې کمپنئی نه مونږ خلاص کړئ یا د راشی خپل کار د شروع کړی او دلته دا جواب چې دوئ ورکړے دے نو کاپر د ټولو نه زیات په دیر کښې دے چې دا د دې سنټرل ایکسچینج لیز کړے دے د ډیر وخت نه او هر څه بند پراته دی جی، نو په دې به کله کار شروع کوی او یا به دا کمپنی مونږ کله پرېږدی جی۔

<u>جناب مسند نشین</u>: جی جی منسٹر صاحب۔

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی</u>: منسټر صاحب! ګپ مه لګوه کنه۔

<u>جناب محمد عارف (مشیر وزیراعلیٰ معدنیات ومعدنی ترقی)</u>: شکریہ جناب سپیکر۔ عنایت اللہ صاحب، آپ کا شکریہ کہ آپ مطمئن ہیں جی۔ آپ نے جو Point raise کیا ہے۔ ایک تو یہ ہے کہ جو Mines minerals ہیں جو River beds ہے، اس پہ تو ہائی کورٹ نے پابندی لگائی ہے، اس پہ تو ہم اب آج کل

کچھ Leases بھی نہیں دے رہے ہیں۔ جو آپ کہتے ہیں کہ ہم Lease دے رہے ہیں تو Mines mineral کی Lease نہیں ہوتی ہم اس کو Auction پہ دیتے ہیں۔ تو وہ کوئی بھی بندہ اس میں، کیونکہ وہ Open auction ہوتی ہے کوئی بھی اس میں آسکتا ہے اور کوئی بھی اس کو خرید سکتا ہے۔ اگر آپ کہتے ہیں کہ اس کو Revisit کریں تو ایک تو یہ ہے کہ ہماری پالیسی اب ہم اس کو Revisit کر رہے ہیں اس پہ کام شروع ہے۔ ہم نے Academia کے ساتھ، مختلف Stakeholders کے ساتھ Conferences کی ہیں ان کو بلایا ہے اور ان کی رائے کو شامل کیا گیا ہے۔ ہم بالکل آپ کو ویلکم کریں گے آپ جب بھی آنا چاہتے ہیں تو اس میں آپ کی جتنی بھی Suggestions ہیں اور وہ Feasible ہو تو ہم ان شاءاللہ ہم اس کو بھی لیں گے۔ دوسری بات جو نثار صاحب نے کہی تو وہ یہ ہے کہ اجلاس عام ہوتا ہے وہاں پہ، یہ جو باقی جو Down Districts ہیں، اس سے ایک تھوڑا سا الگ ہے وہ، وہاں پہ اجلاس عام ہوتا ہے اور وہ ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن کا کام ہوتا ہے، وہ جس کے لئے کرتا ہے تو ہم مجبور ہوتے ہیں ان کو ہم Lease دے دیتے ہیں۔ تیسری بات جو بادشاہ صالح نے کہی تو بادشاہ صالح کو سنٹرل ایکسچینج نے وہ سارا علاقہ Surrender کیا ہوا ہے۔ اگر آپ کے پاس کوئی Investor ہو تو ہم اس کو ویلکم کریں گے۔ Large scale میں آجائیں ہم ان شاءاللہ ان کو Lease دیں گے اور جس طرح آپ چاہتے ہیں ہم ان کو Facilitate کریں گے۔ Thank you۔

جناب مسند نشین: جی جی عنایت صاحب، مطمئن ئې جی کنه؟

جناب عنایت اللہ: دیکھیں میرے، میں نے تو اپنی بات مکمل کر دی ہے۔ میں دوبارہ کوئسچن نہیں کرنا چاہتا ہوں لیکن جو بادشاہ صالح صاحب نے بات کی ہے کاپر کے حوالے سے۔ یہ جو آپ بڑی بڑی Companies کو ایک پورا علاقہ دے دیتے ہیں اور وہ پانچ چھ سال سے اس پہ بیٹھے رہتے ہیں۔ مثلاً سنٹرل ایکسچینج کے نام سے ایک کمپنی کو آپ نے کئی کلومیٹر Area دیر کے اندر دیا ہوا ہے۔ اس پہ آپ Leases نہیں Issue کر رہے ہیں باقی جگہوں، یہ سلسلہ ختم کریں۔ اس سے آپ کا جو Mining کی انسٹرکشن کا سلسلہ ہے وہ بند ہو جاتا ہے۔

جناب مسند نشین: جی منسٹر صاحب۔

مشیر وزیر اعلیٰ معدنیات و معدنی ترقی: ٹھیک کہہ رہے ہیں۔ یہ بہت پرانا Lease ہے۔ ابھی ہم نے Tenure کو بھی کم کیا ہوا ہے لیکن وہ علاقہ انہوں نے Surrender کیا ہوا ہے۔ اب ان شاء اللہ آگے اس کو اور بھی کم کرتے ہیں یہ دیر کا۔۔۔۔۔۔

Mr. Chairman: Okay.

مشیر وزیر اعلیٰ معدنیات و معدنی ترقی: Tenure بھی اس کو کم کرتے ہیں دیر کا اور۔۔۔۔۔

Mr. Chairman: Okay, okay. Question No. 15537, Mr. Sirajuddin, Mr. Sirajuddin, lapsed. Question-----

(Interruption)

جناب مسند نشین: کوئسچن آجائے پھر کرلیں خیر ہے۔ Question No. 15491, Ahmad Kundi, lapsed.

غیر نشاندار سوالات اور ان کے جوابات

15537 _ جناب سراج الدین: کیا وزیر معدنیات ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) گزشتہ تین سالوں کے دوران صوبہ بھر میں معدنیات نکالنے کے حوالے سے کتنے ملکی اور بیرون ملکی لیز کے معاہدے کئے گئے ہیں، تفصیل فراہم کی جائے؛

(ب) گزشتہ تین سالوں کے دوران محکمہ معدنیات نے کتنے ملکی اور بیرون ملک نمائشوں میں سٹالز لگائے ہیں، ان سٹالز پر اٹھنے والے اخراجات کی مالیت کیا ہے؟

جناب محمود خان (وزیر اعلیٰ) جناب محمد عارف (مشیر وزیر اعلیٰ معدنیات و معدنی ترقی): (الف) گزشتہ تین سالوں کے دوران صوبہ بھر میں معدنیات کے حوالے سے کسی بھی بیرونی ملک کمپنی کے ساتھ لیز معاہدہ نہیں کیا گیا ہے۔ البتہ لائسنسنگ اتھارٹی نے مقامی سرمایہ کاروں کی مندرجہ ذیل درخواست برائے گرانٹ منظور کئے ہیں:

سال	گرانٹ کے لئے منظور شدہ درخواستیں
2019	1017
2020	478
2021	1300

(ب) گزشتہ تین سالوں کے دوران محکمہ معدنیات کو ملکی نمائشوں میں سٹالز لگانے کا کوئی دعوت نامہ موصول نہیں ہوا ہے۔ البتہ بیرونی ملک صرف ایک مرتبہ Dubai Expo 2020 میں حصہ لیا گیا ہے جس پر اٹھنے والے اخراجات کی مالیت متعلقہ ادارہ (KPBOIT) تفصیل سے فراہم کرسکے گی۔

15491 _ جناب احمد کنڈی: کیا وزیر مال ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) خیبر پختونخوا حکومت نے مالی سال 20-2019 اور 2021 میں سیلز ٹیکس اور انکم ٹیکس کی مد میں کتنی رقم فیڈرل بورڈ آف ریونیو کو جمع کی ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب محمود خان (وزیر اعلیٰ) جناب تاج محمد (معاون خصوصی وزیر اعلیٰ برائے مال و املاک): (الف) صوبائی بورڈ آف ریونیو خیبر پختونخوا یہ ٹیکس وصول نہیں کرتا۔ البتہ پوچھے گئے ٹیکسوں کی تفصیل فیڈرل بورڈ آف ریونیو سے حاصل کی گئی ہیں جن کی تفصل مندرجہ ذیل ہیں:

سال	ٹیکس	وصول شدہ ٹیکس / رقم
2019	انکم ٹیکس	2870 ملین
	سیلز ٹیکس	343 ملین
	ٹوٹل رقم	3213 ملین
2020	انکم ٹیکس	4884 ملین
	سیلز ٹیکس	339 ملین
	ٹوٹل رقم	5223 ملین
2021	انکم ٹیکس	6324 ملین
	سیلز ٹیکس	554 ملین
	ٹوٹل رقم	6878 ملین

کل رقم: 15314 ملین روپے۔(ایف بی آر رپورٹ لف ہے)۔

(رپورٹ ایوان کو فراہم کی گئی)

اراکین کی رخصت

جناب مسند نشین: Item No. 3, 'Leave Applications'، سردار اورنگزیب نلوٹھا آج کے لئے 22 جولائی؛ جناب ڈاکٹر امجد علی آج کے لئے 22 جولائی؛ جناب شکیل احمد آج کے لئے 22 جولائی؛ مفتی عبدالرحمان آج کے لئے 22 جولائی؛ حاجی قلندر خان لودھی آج کے لئے 22 جولائی؛ محترمہ عائشہ نعیم آج کے لئے 22 جولائی؛ محترمہ ثومی فلک ناز آج کے لئے 22 جولائی؛ جناب انور زیب خان 22 جولائی؛ جناب حافظ عصام الدین آج کے لئے 22 جولائی؛ جناب افتخار علی مشوانی آج کے لئے 22 جولائی؛ محترمہ عائشہ بی

بی آج کے لئے 22 جولائی؛ جناب فضل حکیم آج کے لئے 22 جولائی؛ جناب اقبال وزیر آج کے لئے 22 جولائی۔ Is it the desire of the House that the leave may be granted? Is it the desire of the House that the leave may be granted?

(The motion was carried)

Mr. Chairman: The 'Ayes' have it. Leave is granted.

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: سپیکر صاحب!

جناب مسند نشین: یو منټ بنه، د ربه کړو، ټائم د رکوؤ لږ۔

(مداخلت)

جناب مسند نشین: دا ایجنډا لږه مخکښې بوځو ځکه د جمعې ورځ ده بیا ټائم د رکوم۔

(مداخلت)

جناب مسند نشین: د رکوم ټائم کنه نو۔ د رکوم کنه، دا ایجنډا لږه مخکښې بوځو۔ -----Privilege Motion, Item No. 5 Privilege Motion

(مداخلت)

جناب مسند نشین: د رکوم، د رکوم کنه نو دا اوکړو نو۔ د رکومه جی۔ Mr. Asif Khan MPA, to please move his Privilege Motion No. 191 in the House.

(مداخلت)

جناب مسند نشین: کومه کنه دا او شی نو۔

مسئلہ استحقاق

جناب مسند نشین: جی آصف، جی آصف۔

جناب آصف خان: جی شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ پچھلے دنوں لیڈی ریڈنگ ہاسپیٹل آئی سی یو کا دورہ کرنے کے لئے مجھے بہت دکھ ہوا ہے کہ ہمارے حلقے سے مجھے درخواست کی گئی کہ ہمارے ایک Patient وہ ایڈمٹ تھے تو ان کی صحتیابی کا، ان کی صحت کا پوچھنے کے لئے میں ہاسپیٹل جب پہنچا تو دو تین ہفتے پہلے کی

بات ہے۔ لیڈی ریڈنگ ہاسپیٹل آئی سی یو کا دورہ کرتے ہوئے مجھے بہت دکھ ہوا کہ میرے حلقے کے چند معزز اراکین نے شکایت کی۔۔۔۔۔۔

(قطع کلامی)

جناب مسند نشین: در کوم تائم در کوم۔

جناب آصف خان: کہ اس کا بیٹا اور رشتہ دار ہاسپیٹل میں داخل ہے اور آئی سی یو کے انچارج ڈاکٹر کی توجہ کی ضرورت ہے۔ ایک منتخب ایم پی اے ہونے کے ناطے انسانیت کی بنیاد پر جب میں آئی سی یو میں تیمار داری کے لئے داخل ہوا تو دیکھا مریض کی حالت نازک تھی۔ میں نے پاس کاؤنٹر پہ بیٹھی نرس سے مخاطب ہو کر بولا کہ آپ ڈاکٹر کو کال کریں۔ اچانک اتنے میں ایک آدمی آئی سی یو میں داخل ہوا اور بغیر کسی وجہ کے وارڈر میں چیخ کر آپ لوگ کیسے وارڈ میں آئے ہیں، کیسے داخل ہوئے ہیں؟ سیاسی شخصیت کی وجہ سے میری پارٹی کے ایک کارکن کی، اس کے لئے دعا کے لئے، دعا بھی کی اس وقت۔ میرے ساتھ جب ہم کھڑے تھے تو ہماری انہوں نے ایک Picture ادھر سے کھینچ لی، تصویر اتاری جس پہ وہ، اس شخص نے اپنا تعارف ڈاکٹر کی حیثیت سے کروایا اور نہایت بدتمیزی سے کہا کہ اس کی تصویر کو آپ موبائل سے Delete کریں۔ جب یہ صورتحال بنی تو ہم سائیڈ روم میں چلے گئے۔ اس وقت ڈاکٹر انچارج بھی سائیڈ روم میں آگیا۔ ہم نے مریض کے بارے میں بات کی اور پوچھنے لگے تو واقعہ اس بات، اس دوران ڈاکٹر انچارج سے معلوم ہوا کہ وہ ڈاکٹر نہیں تھا، اس نے میرے ساتھ غلط بیانی کی وہ ایک میڈیکل ٹیکنیشن تھا جو اس وقت موجود تھا۔ دریں اثناء میں نے جب پوچھا، آپ نے مجھ سے جھوٹ کیوں بولا تو وہ چیخنے اور میرے پاس بھاگنے لگا اور مجھ پہ حملہ کرنا چاہا۔ یہ سارا واقعہ لیکر میں ایم ڈی اور ایچ ڈی کے آفس چلا گیا۔ Sunday کا دن تھا تو وہ موقع پہ لیڈی ریڈنگ ہاسپیٹل کے ایڈمنسٹریشن بلاک گیا تو وہ موجود تھے۔ ان کو کہا، میں نے کہا یار ان پہ آپ، Kindly آپ اس پہ انکوائری کریں۔ کچھ، پھر اس واقعے کے چند لمحے بعد میں نے ان کو ایک، ایک ہفتہ بعد میں نے ان سے پوچھا فون پہ کہ کیا آپ نے ان عملے کے خلاف کوئی انکوائری کی ہے کہ نہیں کی؟ تو آگے سے انہوں نے ایم ڈی صاحب نے پہلے بولا کہ میں تو کراچی میں ہوں دورے پہ، تو میں جب آجاؤں گا تو آپ کی یہ انکوائری دوبارہ ہم اس کو شروع کر دیں گے اس کے خلاف۔ جب میں نے پھر ایک ہفتے بعد ان کو کال کی تو وہ کہنے لگے کہ ایم پی اے صاحب بڑی معذرت کے ساتھ کہ یہ آپ نے ادھر Picture اتاری تھی تو اس لئے یہ خیر ہے وہ میڈیکل ٹیکنیشن آپ سے Sorry کر دے گا۔

تو بات دراصل یہ ہے سپیکر صاحب، اس میں Sorry کرنے کی بات نہیں ہے ہمارے تمام پارلیمان کی اپنی ایک عزت ہے، ایک استحاق ہے۔ جب ہم نے اس کو تعارف کرا دیا کہ میں ممبر آف پارلیمنٹ اسمبلی ہوں اور اس ڈسٹرکٹ پشاور سے Belong کرتا ہوں۔ تو بجائے ان کو چاہیئے تھا کہ ایچ ڈی اور ایم ڈی جو انہوں نے مجھ سے Commit کیا کہ ہم انکوائری کر کے آپ کو Further بتا دیں گے۔ انہوں نے بالکل اسے Serious ہی نہیں لیا۔ یہاں پہ موصوف منسٹر صاحب بیٹھے ہیں۔ میں نے ان سے بھی فون پہ بات کی، ان کے نوٹس میں بھی لایا۔ تو میرے کہنے کا مقصد یہ ہے کہ یہ Reforms جو ہم نے یہاں ہیلتھ میں کی ہے، اس کی کیا ضرورت ہے جب ایک پارلیمان کی عزت کا خیال نہ کیا جائے، اس کی عزت کو مجروح کیا جائے، ہم اس لئے آتے ہیں اس پارلیمان میں؟ انہوں نے بالکل ایک ایم پی اے کو، ایک پارلیمان ممبر آف اسمبلی کو کچھ سمجھا نہیں اس بات کو، Serious ہی نہیں لیا کیونکہ ہم نے ان کو اتنی خود مختاری دے دی ہے کہ ان دنوں میں ہماری فیڈرل گورنمنٹ جا چکی تھی Regime change کی وجہ سے، انہوں نے سمجھا کہ یہ چند دن کے مہمان ہے یہ صوبائی گورنمنٹ، تو یہ لوگ ہمارا کیا بگاڑ لیں گے۔ تو میری منسٹر صاحب سے یہ درخواست ہے کہ آپ خدارا آپ Tweet سے، Facebook سے، Video link سے باہر نکلیں اور جا کے اپنے ہاسپیٹلز کا Visit کریں۔ ہمیں یہ سرخی پاؤڈر والے نہیں چاہیئے۔ جہاں تک کسی مریض کی قدر نہ کی جائے، کسی مشران کی قدر نہ کی جائے۔ آپ نکلیں Visit کریں کہ آپ کے ہاسپیٹلز کے کیا حالات ہیں۔۔۔۔

<u>جناب مسند نشین</u>: جی۔

<u>جناب آصف خان</u>: جناب سپیکر صاحب، میری چند باتیں رہتی ہیں۔

<u>جناب مسند نشین</u>: آپ نے جو Privilege Motion میں جو Written میں دیئے ہیں اسی پہ بات کر لیں۔

<u>جناب آصف خان</u>: نہیں سر، میں تو اس ایک پوائنٹ پہ بات کرتا ہوں جی اور ان کو بتانا تھا پھر یہ بیٹھ کے مجھے جواب دیں ناں ادھر۔

<u>جناب مسند نشین</u>: اس پہ تقریر کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ آپ نے جو Privilege Motion پیش کیا ہے وہی آپ نے پڑھ لیا ابھی منسٹر جواب دے گا۔

جناب آصف خان: میری آپ سے یہ درخواست ہے کہ میری Privilege Motion کو کمیٹی کے حوالے کیا جائے۔ شکریہ جی۔

جناب مسند نشین: جی منسٹر صاحب۔

جناب تیمور سلیم خان (وزیر خزانہ وصحت): سپیکر صاحب پہلے تو یہ کہ جو آنریبل ایم پی اے کی درخواست ہے اس کو بالکل ماننا چاہیئے اس کو کمیٹی بھیجنا چاہیئے میں اس کے Favour میں ہوں اور یہ ان کا حق ہے Privilege Motion لانا۔ اسمبلی اور اسمبلی ممبرز کے جو Privileges ہیں اس پہ کوئی Compromise نہیں ہونا چاہیئے۔ انہوں نے فون ضرور کیا تھا اور میں نے ان کو کہا تھا کہ چاہیئے نہیں کہ یہ لے آئیں اب چونکہ انہوں نے بات کی ہے تو جو وہاں پہ ڈاکٹر کی Statement آئی ہے میرے خیال میں یہ حق بنتا ہے کہ وہ Statement یہاں Floor of the House پہ پڑھی جائے کیونکہ ہر، ہر جو ہے وہ، واقعہ کے دو پہلو ہوتے ہیں۔ مجھے نہیں پتہ کہ سچ کیا ہے سچ کیا نہیں ہے لیکن Frankly ہماری ایک ہسٹری رہی ہے اور میری امید یہ ہوتی کہ یہاں سے باہر جو ہے وہ Solve کیا جاتا لیکن خیر یہ آصف صاحب کی مرضی ہے انہوں نے کیا اور میں ان کے اس Stand کو سپورٹ کرتا ہوں کہ یہ Privilege Motion جانا چاہیئے۔ یہ جو میرے خیال میں Affected جو Accused Doctor ہیں، ان کی طرف سے ایک Statement ہے ہاسپیٹل ڈائریکٹر کو۔

“Dear Sir, it is to bring to your kind notice that on 27th May, 2022 at about 04:00 pm, I was on evening shift team leader, suddenly a bunch of people including two gunmen entered in ICU without introducing themselves and without following ICU protocol. They are not accompanied by any personnel from Hospital Administration or the Media Cell. Just entering to the ICU one of them said to the gunman to make a video on his mobile and he started making a video. They all gathered around Bed No. 2 and the gunman was there busy making a video.

اب ویڈیو جو ہے وہ ہاسپیٹل میں کہیں اجازت نہیں ہوتی یہاں پہ ہوتی ہے کچھ ٹھیک ہوتی ہیں کچھ غلط ہوتی ہیں۔ As I said میں اس پہ Comment جو ہے وہ اور نہیں کروں گا۔

“I came near to them and humbly said that kindly stop and delete the video as this is against the Hospital’s policy, by saying this word, one of them shouted at me and used rough and abusive language towards me. Meanwhile, the gunman held my hand and

pushed me back and shouting on me that you are stupid. After a long reasoning, we went outside the ICU and a Doctors' room. In the Doctors' room, Dr. Muneer was present and we said to the MPA that Sir, you are wrong because your gunman made a video without any permission, which is against the Hospital's policy. Dr. Muneer also started to brief him regarding the patient's condition on a smooth and professional way, but again the MPA shouted on me and said that you are a stupid person and you need-----

(Interruption)

<u>وزیر خزانہ وصحت</u>: سر، ہونا نہیں چاہیئے تھاناں؟

(قطع کلامی)

<u>جناب مسند نشین</u>: منسٹر صاحب! دا خپله صفائی به بیا کمیټئ کښې او کړې۔

<u>وزیر خزانہ وصحت</u>: اب جب ہے تو میرے خیال میں دونوں طرف کا وہ سننا چاہیئے۔آگے جو ہے وہ سٹینڈنگ کمیٹی میں چلا جائے گا۔Floor of the Houseجب آیا ہے تو پھر اب ضروری ہے کہ یہ جو ہے وہ------

(مداخلت)

<u>وزیر خزانہ وصحت</u>: ٹھیک ہے۔بس ٹھیک ہے یہ کہہ رہے ہیں کافی ہو گیاIssueجو ہے وہ یہ تھا۔اب اس کو سٹینڈنگ کمیٹی بھیج دیں جو ہاسپیٹل کے چیئرمین ہیں ان کو بھی بتا دیتے ہیں ڈاکٹر برکی کو بھی بتا دیتے ہیں،اس کو جو ہے وہSeriouslyلے لیں لیکن میری تجویز جو ہے وہ سب سے یہ ہو گی کہ ایسی چیز کرنے سے پہلے سوچا جائے۔

<u>جناب مسند نشین</u>: ٹھیک ہے جی۔ Okay. The motion before the House is -----that

(شور)

<u>جناب مسند نشین</u>: آصف!آرام سے،آصف!آرام سے یار وہاں پہ پھر بات کرلیں ناں کمیٹی میں ناں۔یہاں پہ ان کو بھی بلالیں آپ،اس پہ بحث کرلیں کمیٹی میں جانے کی پھر کوئی ضرورت نہیں۔

The motion before the House is that the Privilege Motion No. 191, moved by the Honourable Member, may be referred to the Privilege Committee? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Chairman: The 'Ayes' have it. The Privilege Motion is referred to the Privilege Committee.

(جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ کو مخاطب کرتے ہوئے) آپ کو میں ٹائم دے رہا تھا لیکن آپ کا رویہ اس طرح ہے ناں کہ بالکل آپ اس طرح Force کر رہے ہیں جس طرح یہاں پہ ہم لوگ آپ کے لئے صرف بیٹھے ہوئے ہیں۔ یہ Call Attentions کے بعد آپ کا وہ لے لیں گے پھر بات کر لیں آپ۔

توجہ دلاؤ نوٹس

Mr. Chairman: 'Call Attentions': Item No. 7, Mr. Bilawal Afridi, MPA to please move his Call Attention Notice No. 1442 in the House (Lapsed). Mr. Bahadar Khan, MPA to please move his Call Attention Notice No. 2473 in the House.

جناب بہادر خان: شکریہ سپیکر صاحب، چیئرمین صاحب۔ میں وزیر برائے محکمہ مواصلات کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں، وہ یہ کہ منڈا تا خزانہ مین روڈ FWO تعمیر کر رہی ہے لیکن تقریباً دو سال سے اس روڈ پر انتہائی سست رفتاری سے کام کیا جا رہا ہے۔ محکمہ نے دو سال پہلے یہ یقین دہانی کرائی تھی کہ اس روڈ کو تین مہینے کے اندر مکمل کر لیا جائے گا لیکن تا حال اس پر کام مکمل نہ ہو سکا جس سے عوام کو سخت مشکلات کا سامنا ہے۔ چونکہ یہ روڈ دیر شاہراہ سے باجوڑ اور براول تک ٹرانسپورٹ کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ اس کی تعمیر کے نتیجے میں لوگوں کو انتہائی سخت مشکلات درپیش ہیں۔ حکومت اس مسئلے کو حل کرنے کے لئے فوری اقدامات اٹھائیں۔

جناب چیئرمین صاحب، دا خو ما هغه بل ورځ هم وئیلې وو او دا چیف منسټر صاحب هلته په دوره راغلې وو او باقاعده هغوی د هغه خلقو سره Commitment هم کړے وو چې زما د تلو سره به دا کار بالکل په تیزئ سره روانیږی او کیږی به۔ ما سره ئې هم دلته Commitment اوکړو په هغه ورځ باندې، د بجټ اجلاس په ورځ باندې۔ زه درخواست کومه جی دیکښې دا د باجوړ روډ هم دے، دا د براول او د شاهی بن شاهی د افغانستان خلق هم په دې باندې ځی۔ دا Main road دے او دا ئې راوران کړے دے۔ درې میاشتې ټائم ئې ایف ډبلیو او ته ورکړے دے او په هغه دریو میاشتو کښې دوه کاله اووتل۔ نه پرې ترائی کوی، د ترائی پیسې اخلی۔ چینلې پکښې دی د اوبو هغه ئې راورانې کړی دی هغه بندې پرتې دی، هیڅ قسمه کار پرې نه کوی او دا ګاډی پکښې

خیژی کوزیږی والله چې زړه ئې خلقو له شین کړو۔ د دوړو د لاسه خلق بیماران دی۔ نن د سینې بیماران شو، دنیا د خدائې تکلیف دے۔ روډونه پرې بندیږی څه پته ئې نه لګی۔ د خلقو مطالبې کیږی او وعدې کیږی چې په هفته کښې شروع کومه، په دې هفته هفته کښې دوه کاله اووتل۔ زه درخواست کومه منسټر صاحب ته چې په دې باندې خصوصی توګه د پیر په ورځ باندې باقاعده د دې میټنګ رااوغواړئ او د دغه ایف ایچ اے او کومه محکمه ئې ده د هغې نه باقاعده پرزور مونږ دا مطالبه کوؤ او د دیر نه ئې کوؤ چې د پیر د ورځې پورې په دیکښې باقاعده څه پیشرفت مونږ له راکړئ او اوکړئ۔

<u>جناب مسند نشین</u>: جی ریاض خان۔

<u>جناب ریاض خان (مشیر وزیر اعلیٰ برائے محکمه تعمیرات و مواصلات)</u>: جی شکریه چیئرمین صاحب۔ محترم بهادر خان صاحب چې جی کوم طرف Call Attention راوړې دے۔ په دې حوالې سره داسې ده جی د دې روډ دا Length 37 Kilometer دے او 3 هزار 583 ملین د دې ټوټل کاسټ دے۔ دا په 21 جنوری 2021 شروع شوے دے او دسمبر 2022 کښې د دې Completion دے ان شاء الله دا Coming د دې کال په دې آخره کښې۔ او کومه چې دوئ د کار په حوالې سره خبره اوکړه نو ان شاء الله زه خپله باندې هم Progress اخلمه او دوئ له یقین دهانی ورکومه په دې فلور باندې چې کله هم مونږه دې راروانه هفته کښې Progress review زما میټنګز شروع کیږی۔ دوئ به خپله باندې هغې کښې رااوغواړمه او د دوئ د وړاندې هغوی سره به چې کوم دے د Progress په حوالې سره میټنګ کیږی۔ نو ان شاء الله دوئ به هغې کښې موجود وی ان شاء الله۔

<u>Mr. Chairman</u>: Thank you.

(Interruption)

<u>جناب مسند نشین</u>: جی بس اوشو بهادر صاحب اوشو کنه؟

<u>جناب بهادر خان</u>: ټهیک شو جی۔ بالکل زه ډیر مشکور یمه، شکریه ادا کوم مهربانی۔

<u>جناب مسند نشین</u>: جی خوشدل خان۔

رسمی کارروائی

<u>جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ</u>: چیئرمین صاحب، ډیر مننه۔ چیئرمن صاحب، افسوس ما ته په دې راځی چې ستاسو خپل بزنس وی د اسمبلۍ مونږ منو هغه خو دا کومې خبرې چې مونږ دلته کوؤ یا پوائنټ آف آرډر باندې یا یو مسئله راغلې وی نو دا هم زمونږ حق دے، دا هم بزنس دے، It is also a part of business ځکه چې مونږه ہمیں لوگوں نے یہاں بھیجا ہے اپنے مسائل حل کرنے کے لئے۔ ہم مشکلات بتانے کے لئے آئے ہیں۔ اگر آپ بھی ہمیں موقع نہیں دیتے ہیں اور آپ کہتے ہیں بیٹھ جائیں یا صبر کر لو تو یہاں دیکھو (گھڑی کی طرف اشارہ کرتے ہوئے) میں دس بجے آتا ہوں۔ آپ ان اسمبلی سٹاف سے پوچھیں، دس بجے میں آتا ہوں۔ دو بجے میں آتا ہوں ٹائم کی پابندی میں کرتا ہوں۔ اب ساڑھے گیارہ بجے آپ تشریف فرما ہو گئے تو اس میں میرا کیا قصور ہے۔ اب یہ جو یہاں میں بات بتا رہا ہوں یا آپ کے سامنے لا رہا ہوں۔

<u>جناب مسند نشین</u>: خوشدل خان! بات پہ آجائیں آپ۔

<u>جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ</u>: تو آپ سے میں رولنگ بھی مانگتا ہوں۔ یہی بات ہے کہ آپ ذرا حوصلے سے کام لیں۔ آپ سپیکر کی کرسی پر بیٹھے ہیں آپ حوصلہ پیدا کریں، آپ برداشت پیدا کریں، ہم یہاں آپس میں بات بھی کریں گے غصہ بھی کریں گے لیکن آپ ایک بڑے کی حیثیت سے ہم پر شفقت کریں گے۔ میں آتا ہوں سر، یہ اب دیکھیں یہ (کاغذ دکھاتے ہوئے) یہ اب مسئلہ یہ ہو گیا علاقوں میں یہ ہمارے سارے ایم پی ایز صاحبان کو بھی پتہ ہو گا۔ فضل الہیٰ صاحب بھی یہاں بیٹھے ہوئے ہیں۔ کھیتوں میں ٹرانسفارمرز ہوتے ہیں، رات کو چور جا کر ان کو ہٹاتے ہیں اور بیچتے ہیں پھر جب ہم PESCO کے پاس جاتے ہیں، وہ کہتے ہیں ایف آئی آر لے آؤ۔ جب ہم تھانے میں جاتے ہیں تو وہ ہماری ایف آئی آر کو Lodge نہیں کرتے۔ یہ دیکھو یہ ایک ٹرانسفارمر کو چھپایا گیا ہے، Steal کیا ہے میں پولیس سٹیشن گیا ہوں وہاں پر میں نے روزنامچہ درج کیا۔ جب PESCO گیا، میں خود گیا ہوں اور اس دن آصف بھائی بھی موجود تھے۔ یہ آصف بھائی موجود تھے انہوں نے مجھے کہا کہ آپ ایف آئی آر لے آئیں۔ جب ایس ڈی او کے پاس گئے تو پہلے تو جو SDO Concerned تھا، نعمت اللہ اس کا نام ہے متنی سب ڈویژن ہے وہ لیت و لعل کر رہے تھے۔ پھر میں نے ان کو فون کیا کہ بھئی یہ ایف آئی آر کاٹ دے It is your right اب یہ

رپورٹ کریں۔اب مطلب ہے یہ عید کے دن ہے ٹرانسفار مر نہیں ہے، پھر انہوں نے Lodge کر دیا۔ یہ سر، پرسوں جب یہ بندہ گیا بڈھ بیر پولیس سٹیشن میں درج کرنے کے لئے تو وہ نہیں کر رہے تھے پھر میں نے وہاں پر مدد محرر ہوتا ہے یا مرزا کو میں نے خود فون کیا اس کا نام شہاب ہے۔ وہ کہتا ہے کہ سر، میں ایس ایچ او سے پوچھوں گا۔ جب یہ ہو گیا تو ابھی تک یہ Lodge نہیں ہوا ہے۔ تو آیا مطلب ہے یہ کونسی، جب ہماری مطلب ہے رپورٹ یہ لوگ درج نہیں کرتے تو یہ غریب لوگ کہاں جائیں گے۔ لہذا میں آپ سے رولنگ مانگوں گا کہ آپ ان کو ڈائریکشن دے دیں کہ بات، وہ ان سے پیسے لیتے ہیں۔ جب ایک جائز آپ ایف آئی آر درج نہ کریں تو میں کہاں بات کروں گا۔ میں روڈ پہ کھڑے ہو کر جلوس نکالوں گا پولیس سٹیشن کے خلاف، اب یہ بات میں یہاں نہ کروں تو کہاں کروں؟۔ سر، دوسری بات ہماری یہ ہے ان سب کو پشاور ڈسٹرکٹ میں اس ایجوکیشن آفیسر نے تین سال کے بعد کلاس فور بھرتی کئے ہیں، ہر ایک حلقے میں کئے ہیں اور یہ مئی 2022 میں کئے ہیں۔ اب انہوں نے ایک آرڈر نکالا ہے سر، اور یہ آرڈر جو ہے 13-05-2022 کو "Due to numerous complaints against the appointment of Class-IV employees in District Peshawar. The Appointment Order of Class-IV issued by the District Education Officer, May, Peshawar Vide itna, held in abeyance" اب ان کو مطلب Held in abeyance رکھا ہے ملتوی کیا ہے۔ اب کیا ہو گیا اب دوسرا آرڈر آ گیا۔ اب اس کو انہوں نے Withdraw کر لیا لیکن Except PK-70 and 71 اب کیا یہ PK-70, 71 اپوزیشن کے حلقے ہیں اس لئے آپ نے اس کو Withdraw نہیں کیا ہے۔ لہذا میں آپ سے مطلب ہے میں یہ رولنگ مانگتا ہوں۔ ریکویسٹ کرتا ہوں کہ آپ ڈی سی کو بھی کہہ دیں کہ یہ Discrimination آپ چھوڑ دیں۔ تین سال کے بعد تو Appointments ہو گئے یا ایک ہو گیا یا دو ہو گیا اور وہ بھی مطلب ہے کسی کے سکولوں میں چپڑاسی نہیں ہے، سکولوں میں مطلب ہے چوکیدار نہیں ہے۔ تو یہ میں آپ سے مانگتا ہوں کہ یہ Discrimination چھوڑ دیں کیونکہ Already ہماری ایک کمیٹی بنی ہوئی ہے، اپوزیشن سے میں اس کو Represent کرتا ہوں۔ رولنگ پارٹی کی طرف سے آصف بھائی کرتے ہیں۔ مطلب ہے پندرہ بیس دن اس کے ساتھ میں Contact کرنے کے لئے، وہ میرے ساتھ مل نہیں رہا ہے، اس کا Phone off آ رہا ہے۔ لہذا ہم ایک Compromise کی طرف جا رہے ہیں یہ ہمارا مشترکہ ہاؤس ہے، یہ ہمارا ایک جرگہ ہے۔ یہ نہ کریں کہ پشاور میں چودہ حلقوں میں Appointments ہو چکی ہیں اور صرف آپ نے دو حلقوں کے

Withheld کئے ہیں، یہ Injustice ہے، یہ Unfair ہے اور یہ ہمارے ساتھ زیادتی ہے۔ لہذا میں آپ سے رولنگ چاہتا ہوں۔Thank you Sir۔

<u>جناب مسند نشین:</u> خوشدل خان صاحب! Concerned Minister کو کہہ دیں گے وہ آپ سے بیٹھ کے پھر جب آپ کی کمیٹی بنی ہوئی ہے اسی میں آپ حل کر لیں اسے۔ Item No. 8, Consideration of the Khyber Pakhtunkhwa-----

<u>جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ:</u> منسٹر صاحب ته به اوو ایو۔

<u>جناب مسند نشین:</u> منسٹر ته به اووایئی۔ کامران خان منسٹر صاحب ته تاسو اووایئ۔

<u>جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ:</u> تاسو پرې خپل جواب اوغواړئ او تاسو پرې رولنگ ورکړئ۔

<u>جناب کامران خان بنگش (وزیر اعلیٰ تعلیم):</u> مسٹر سپیکر، شکریہ آپ کا۔ خوشدل خان صاحب کی بات کے ساتھ جو Elementary Education کی Recruitment ہے اس کے ساتھ میں Agree نہیں ہوں۔ میرے حلقے میں بھی جتنے سکولز میں Recruitment ہے وہ نہیں ہوئی تو یہ بات کہنا کہ باقی سب حلقوں میں ہو گئی ہے ان کے حلقے میں نہیں ہوئی میرے خیال سے یہ مناسب نہیں ہے۔ اس Floor of the House پہ میں یہ کہہ رہا ہوں کہ میرے حلقے کے سکولز میں جو Recruitment ہے، جو Vacant posts ہیں، اس کے اوپر Recruitment نہیں ہوئی۔ ٹھیک ہے باقی جیسے آپ نے کہا، جیسے خوشدل خان صاحب نے کہا ہم شہرام خان ترکئی صاحب کو کہہ دیں گے اور جو ان کے Concerns ہیں ان کو ہم Convey کر دیں گے۔ یہ خود بھی ان کے ساتھ بیٹھ جائیں، He is very open on it، ان کے لئے وہ Coordination بھی ان کے ساتھ کریں گے۔ میں خود اس اجلاس کے بعد شہرام ترکئی صاحب کو Message بھی کر دوں گا، Call بھی کر دوں گا کہ خوشدل خان صاحب کے کچھ Concerns ہیں لیکن یہ ریکارڈ پہ لانا ضروری ہے کہ میرے حلقے میں بھی جو سکولز ہیں ان کے اوپر بھی ابھی تک Recruitment نہیں ہوئی۔ Last جو Recruitment ہوئی تھی وہ 2018 کے الیکشن سے پہلے ڈی ای او نے کی تھی جس کے اوپر جب Elections ہو گئے تو سب ایم پی ایز نے بشمول Treasury Benches اور Opposition Benches، ان کے Concerns تھے کیونکہ ڈی ای او نے وہ خود

کرائے۔ اس میں کسی ایم پی اے کے ساتھ کوئی Coordination نہیں ہوئی تھی لیکن جواب یہ بات کر رہے ہیں۔ مجھے اپنے حلقے کا پتہ ہے، آصف خان ہے، تیمور جھگڑا ہے پشاور کے، فضل الہٰی صاحب ہے، ہمارے Elementary Education میں میرے At least نہیں ہوئے یہ میں Floor of the House پہ کہہ رہا ہوں۔

جناب مسند نشین: ٹھیک ہے بس آپ اس طرح کر لیں کہ شہرام سے بٹھا دیں ان کو، بات کر لیں گے جی۔
Item No. 8, Consideration of the Khyber Pakhtunkhwa Forest (Amendment) Bill, 2022 in the House.

جناب عنایت اللہ: جناب چیئرمین! اس میں میری ایک گزارش ہے-----

Mr. Chairman: The Minister for Environment-----

(Interruption)

جناب مسند نشین: د رکوؤ کنه صبر او کړه چې دغه خو پیش شی کنه؟

Syed Muhammad Ishtiaq (Minister for Environment): Mr. Speaker! I beg to move that the Khyber Pakhtunkhwa, Forest Ordinance Bill, 2022 may be taken into consideration at once.

Mr. Chairman: The motion before the House is that the Khyber Pakhtunkhwa, Forest (Amendment) Bill, 2022-----

نکتہ اعتراض

جناب عنایت اللہ: جناب سپیکر دې سلسله کښې ما یو خبره کوله۔

جناب مسند نشین: په دیکښې څه خبره تا سو کوئ جی؟ څه لږ عنایت صاحب۔

جناب عنایت اللہ: سپیکر صاحب، میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ میں چونکہ اسمبلی سے چھٹی پہ تھا بیس پچیس روز، تو میں آج آیا ہوں مجھے اس کی Contents اور Details تو نہیں معلوم، میں نے اس پہ Cursory glance ڈالی ہے، اس میں کچھ چیزیں ایسی ہیں چونکہ ہم ان Areas کے ساتھ تعلق رکھتے ہیں جہاں ہمارا ایک Issue چل رہا ہے، جنگلات کے مالکانہ حقوق کا ایک ہمارا مسئلہ چل رہا ہے، پھر اس میں آپ نے Erstwhile FATA کو Exemption بھی دی ہوئی ہے۔ آپ نے National Parks کی بات کی ہے، National Parks کی Preservations کی بات کی ہے تو میں چاہوں گا کہ تھوڑا منسٹر صاحب Explain کریں کہ آپ نے کن چیزوں میں Erstwhile FATA کو Exemptions دی ہوئی ہیں اور Erstwhile FATA اور ملاکنڈ ڈویژن ایک Nature کے علاقے

ہیں۔ آپ نے وہ Exemption ملاکنڈ ڈویژن کو کیوں نہیں دی ہوئی ہیں اور اس Law کے اندر اس کی Contents میں کیا ہے، کیا چیز، کس چیز کے اندر آپ Amendments کرنا چاہتے ہیں، تھوڑا Crux بتادیں تاکہ ہمیں سمجھ آ جائے تو ہم ویسے ہوا میں پھر مخالفت نہیں کریں گے۔

<u>جناب مسند نشین</u>: اس میں Amendment آپ لوگ نہیں لائے، کسی نے بھی Amendment نہیں لائی۔

<u>جناب عنایت اللہ</u>: دیکھیں میں، دیکھیں Amendments اس لئے نہیں آئی ہے کہ میں نے آپ سے کہا کہ میں چھٹی پر تھا، میں ملک سے باہر تھا لیکن یہ میرا Right ہے کہ میں ان سے اس Stage پہ پوچھوں، Consideration stage پہ جب ووٹ کے لئے Put نہیں کیا گیا ہے تو رولز کے اندر میں ان سے پوچھ سکتا ہوں کہ یہ مجھے بتادیں کہ اس Law کا Crux کیا ہے۔ یہ منسٹر کی Responsibility ہے کہ Law کا مجھے Crux بتادیں۔

<u>جناب مسند نشین</u>: هسې رولز تاسو ته څه یاد دی دیکښې عنایت صاحب! رولز، رولز کوم دی؟

<u>جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ</u>: چیئرمین صاحب! که تاسو ما ته اجازت راکړئ نو زه ښایم درته، زه رولز ښایم درته کنه؟

<u>جناب مسند نشین</u>: اووایئی۔

<u>جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ</u>: چیئرمین صاحب، تاسو اوګورئ Rule 85، د دې Sub-rule 2 (a) "If the Member-in-Charge moves that this Bill be taken into consideration, any Member may move as an amendment that the Bill be referred to the appropriate Standing Committee or a Select Committee or be circulated for the purpose of eliciting opinion thereon by a date to _" یہاں پر مطلب یہ ہے کہ یہ کہہ سکتے ہیں، یہ صحیح بات ہے کہ ڈسکشن کر سکتے ہیں اور اگر اس کا (1) ذرا دیکھیں۔ "On the day on which any of the motions referred to in rule 82 is made or on any subsequent day to which the discussion thereof is postponed, the principles of the Bill"، یہ principles ہوتے ہیں۔ "and its provisions may be discussed generally but the details of the Bill shall not be discussed further

"_، یعنیAt the time of discussion under rule 85 says کہ اس پر ڈسکشن کر سکتے ہیں اگر Amendment نہیں لاتا ہے یا نہیں لانا چاہتے تو ڈسکشن کر سکتے ہیں۔اس سے یہ پوچھ سکتے ہیں کہ کس Purpose کے لئے یہ کر سکتے ہیں۔

جناب مسند نشین: جی منسٹر صاحب! عنایت صاحب تہ تا سو جواب ور کړئ چې دا شے Clear کړو۔

سید محمد اشتیاق (وزیر ماحولیات): جی عنایت صاحب جس طرح اس کو Table کیا تھا میرے خیال میں آپ نہیں تھے لیکن اس میں اکثر ہم نے ان علاقوں کی بات کی، جرمانوں کی بات کی جو ہمارے فارسٹ ہیں، جس طرح آپ کو پتہ ہے کہ ہمارے تین قسم کے فارسٹ ہیں جس میں Designated forest بھی ہیں ہمارے، جس طرح Reserved forest ہیں، جس طرح Protected forest ہیں، Guzara forest ہیں، جس طرح اس میں Encroachment ہوتی ہے۔ میں چند چیزیں آپ کو بتاتا ہوں پورا میں آپ کو دوں گا۔ تو اس میں ہم نے جرمانے بڑھائے، پانچ ہزار سے لیکر تین ہزار، ایک ہزار اس کے جرمانے ہوتے تھے جسے ہم نے بڑھا کر پچاس ہزار سے لیکر پانچ لاکھ تک کیا تاکہ اس میں Encroachment نہ ہو، ٹھیک ہے سر۔ دوسری بات جو آپ کہہ رہے ہیں اس پہ جو ہمارے مجسٹریٹ ہوتے تھے، جس طرح ہمارا جو فارسٹر ہوتا تھا، ہمارے مجسٹریٹ کے سامنے پیش ہوتا تھا اور ان کے لئے اس کو اپنی چیزیں بیان کرتا تھا کہ یار یہ یہ چیزیں ہو رہی ہیں۔ اس کو اس طرح کا Response نہیں ملتا تھا کورٹ سے، تو اس کے لئے ہم نے اس میں ایک تبدیلی لائی کہ اپنی طرف سے ایک زبردست قسم کا وکیل Hire کریں گے اور اس پہ کام کریں گے۔ اس طرح ہم نے اس کو، میں چند چیزیں آپ کو بتا رہا ہوں، اگر آپ کو پھر زیادہ ہو تو پھر ان شاء اللہ بیٹھ کے بات کر لیں گے کیونکہ آج جمعہ کا دن ہے۔ اس میں ہم نے FATA، جو FATA اس میں اس دفعہ Merge کیا ہے اور جو Merged FATA ہے، اس میں ہم نے آگے Penetrate کرنا ہے، آہستہ آہستہ ہم نے کرنا ہے، اس کو بھی اس دائرے کے اندر ہم لے لانا ہے، جو ہمارے وہاں پہ، جس طرح ہمارے ملاکنڈ میں جس طرح ہمارے ہزارہ میں ہے جس طرح ہمارے یہاں پہ ہے تو ان کو بھی اسی طریقے سے اس کے اندر لا رہے ہیں تاکہ وہاں کے لوگوں کو بھی اس چیز کا فائدہ ملے۔ تو یہ اس کا لب ولباب ہے جو میں نے بتا دیا اگر پھر بھی آپ کی بات ہو تو ہم بیٹھ کر بات کر سکتے ہیں،

ہمارے Conservator صاحب بھی بیٹھے ہوئے ہیں، اس کے ساتھ Detailed میں اس کے ساتھ Discuss کر سکتے ہیں۔

جناب عنایت اللہ: منسٹر صاحب! آپ نے آدھی بات کر لی ہے مجھے جو چیز نظر آئی ہے وہ یہ ہے کہ مثلاً آپ یہ کر سکتے ہیں کہ کسی جگہ کے بارے میں آپ کا خیال ہے کہ وہ اس کی Ecology ایسی ہے، وہ ایسی ہے کہ خوبصورت ہے، اس کو آپ ایک National Park کے طور پر Declare کر سکتے ہیں، جب آپ اس کو National Park declare کریں گے تو جو لوکل لوگوں کے Rights ہیں اس کے حوالے سے پھر آپ کا کیا خیال ہو گا۔ مثلاً آپ کمراٹ کو National Park declare کرتے ہیں، Kumrat National Park declare کرتے ہیں تو جو لوکل لوگوں کے Rights ہیں، ان Rights کے ساتھ آپ کیا کریں گے؟۔ یہ وہ چیزیں ہیں، یہ وہ سوالات ہیں جو۔۔۔۔۔

جناب مسند نشین: عنایت صاحب! یہ اس وقت آپ کر لیتے جب یہ لوگ بل لا رہے تھے، Amendment کے لئے آپ سب لوگوں کو وقت مل چکا ہے، آپ نے بات کی۔

وزیر ماحولیات: جناب سپیکر!

جناب عنایت اللہ: نہیں آپ کو رولز کا حوالہ دیا گیا ہے۔

جناب مسند نشین: رولز غلط Quote کر رہے ہیں۔ رولز غلط Quote کر رہے ہیں۔

وزیر ماحولیات: گزشتہ فارسٹ کا جو Covered area تھا وہ تقریباً Ten percent something تھا ابھی ہم نے جو National Park بنایا ہے تو اس کو ہم نے سولہ پہ پہنچایا ہے اور اس لئے پہنچایا تا کہ اس کی حفاظت صحیح ہو۔ National Park سے ہمارے وہاں پہ جو برڈز ہوتے ہیں، وہاں پہ جو مقامی لوگ ہوتے ہیں ان کو ہی روزگار ملے گا۔ اگر آپ کمراٹ کی بات کر رہے ہیں جہاں پہ روزگار نہیں ہے، جہاں لوگ بے روزگار ہیں، وہاں پہ Demarcation بھی نہیں ہوئی آپ کو پتہ ہے لیکن اگر اس کو ہم Declare کریں کہ ایک تو وہ کمراٹ ہمارا بچ جائے گا۔ جس طرح کمراٹ کے اندر تباہی ہو رہی ہے جس طرح لوگ جا رہے ہیں، پہلے تقریباً کوئی Season کے اندر Hardly کوئی 2 ہزار 3 ہزار اب 70 ہزار سے ایک لاکھ سے بڑھ کر کتنے لوگ جا رہے ہیں۔ وہاں پہ جو کنسٹرکشن شروع ہوئی ہے، اس لئے ہم نے اس کو National Park declare کیا تا کہ وہاں پہ لوگ جائیں اور مقامی لوگوں کو روزگار ملے، وہاں کے

مقامی لوگوں کے بغیر کچھ ہو نہیں سکتا، کمیونٹی کا فائدہ ہو گا۔ تو میرے خیال میں National Park سے کسی کو کوئی مسئلہ نہیں ہونا چاہیئے۔

مسودہ قانون (ترمیمی) بابت خیبر پختونخوا جنگلات مجریہ 2022 کا زیر غور لایا جانا

Mr. Chairman: The Minister for Environment, to please move that the Khyber Pakhtunkhwa, Forest (Amendment) Bill, 2022 may be taken into consideration at once.

Minister for Environment: I beg to move that the Khyber Pakhtunkhwa, Forest Ordinance Bill, 2022 may be passed.

Mr. Chairman: The motion before the House is that the Khyber Pakhtunkhwa, Forest (Amendment) Bill, 2022 may be taken into consideration at once? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Chairman: The 'Ayes' have it. Since no amendment has been proposed by any Honourable Member in Clauses 1 to 23 of the Bill, therefore, the question before the House is that Clauses 1 to 23 may stand part of the Bill? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Chairman: The 'Ayes' have it. Clauses 1 to 23 stand part of the Bill. Schedule stands part of the Bill, Preamble and Long Title also stand part of the Bill.

مسودہ قانون (ترمیمی) بابت خیبر پختونخوا جنگلات مجریہ 2022 کا پاس کیا جانا

Mr. Chairman: Item No. 9, 'Passage Stage': The Minister for Environment, to please move that the Khyber Pakhtunkhwa, Forest (Amendment) Bill, 2022 may be passed.

Minister for Environment: I beg to move that the Khyber Pakhtunkhwa, Forest Ordinance Bill, 2022 may be passed.

Mr. Chairman: The motion before the House is that the Khyber Pakhtunkhwa, Forest (Amendment) Bill, 2022 may be passed? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Chairman: The 'Ayes' have it. The Bill is passed. Item No. 10-----

(Interruption)

<u>جناب مسند نشین</u>: وړومبي Consideration وو او دویم دغه وو، Consideration وو، Passage وو، Passage sorry passage وو۔

مسودہ قانون (ترمیمی) بابت خیبر پختونخوا یونیورسٹیز مجریہ 2022 کا زیر غور لایا جانا

<u>Mr. Chairman</u>: The Minister for Higher Education, to please move that the Khyber Pakhtunkhwa, Universities (Amendment) Bill, 2022 may be taken into consideration at once.

<u>Mr. Kamran Khan Bangash (Minister for Higher Education)</u>: Thank you Mr. Chairman! I intend to move that the Khyber Pakhtunkhwa, Universities (Amendment) Bill, 2022 may be taken into consideration at once.

<u>Mr. Chairman</u>: The motion before the House is that the Khyber Pakhtunkhwa, Universities (Amendment) Bill, 2022 may be taken into consideration at once? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

<u>Mr. Chairman</u>: The 'Ayes' have it. Since no amendment has been proposed by any Honourable Member in Clauses 1 and 2 of the Bill, therefore, the question before the House is that Clauses 1 and 2 may stand part of the Bill? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

<u>Mr. Chairman</u>: The 'Ayes' have it. Clauses 1 and 2 stand part of the Bill. Preamble and Long Title also stand part of the Bill.

مسودہ قانون (ترمیمی) بابت خیبر پختونخوا یونیورسٹیز مجریہ 2022 کا پاس کیا جانا

<u>Mr. Chairman</u>: 'Passage Stage': The Minister for Higher Education, to please move that the Khyber Pakhtunkhwa, Universities (Amendment) Bill, 2022 may be passed.

<u>Minister for Higher Education</u>: Thank you Mr. Chairman! I intend to move that the Khyber Pakhtunkhwa, Universities (Amendment) Bill, 2022 may be passed.

<u>Mr. Chairman</u>: The motion before the House is that the Khyber Pakhtunkhwa, Universities (Amendment) Bill, 2022 may be passed? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Chairman: The 'Ayes' have it. The Bill is passed.

تحریک التواء نمبر434 پر قاعدہ73 کے تحت تفصیلی بحث

Mr. Chairman: Item No. 12: Discussion on Adjournment Motion No. 434 of Miss Night Yasmeen Orakzai, MPA under rule 73 of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa Procedure & Conduct of Business Rules, 1988.

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر صاحب، یہ اس دن میں نے میرا ایک توجہ دلاؤ نوٹس تھا جو کہ بچیوں کے بارے میں تھا۔ جناب سپیکر صاحب، اس پہ میں بحث کا آغاز کرتے ہوئے یہ بات ضرور کہوں گی کہ ہماری چونکہ اس میں پولیس کا زیادہ تر ظاہر ہے عمل دخل ہے تو سب سے پہلے میں پولیس کے بارے میں یہ بات ضرور کہوں گی کہ پولیس کا جو مطلب Safe City Project ہے۔ جناب سپیکر! اگر آپ میری طرف توجہ دیں اور اس چیز کو جو بھی یہ نوٹ کر رہا ہے میرا خیال ہے کہ کون اس کو نوٹ کر رہا ہو گا کیونکہ۔۔۔۔۔

جناب مسند نشین: جی میڈم!

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جی یہ بہت Important مسئلہ ہے جی۔ اگر کوئی بھی اس کو نوٹ نہیں کر رہا ہے تو پھر مجھے یہاں پہ بولنے کا کوئی وہ نہیں ہے۔

جناب مسند نشین: میڈم! بیٹھے ہوئے ہیں، منسٹرز سن رہے ہیں، منسٹرز صاحبان سن رہے ہیں۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: کون منسٹر ہے جو انچارج ہے اس کا کہ وہ میرا یہ پوائنٹ نوٹ کرے گا اور وہ سی ایم صاحب تک پہنچائے گا کیونکہ یہ سی ایم کا ڈیپارٹمنٹ ہے تو شفیع اللہ صاحب تو یہاں پہ نہیں ہیں۔ اگر وہ، لیکن وہ تو جیلخانہ جات کے ہیں تو کون اس کو نوٹ کرے گا اور کون سی ایم صاحب تک پہنچائے گا؟

جناب مسند نشین: لاء منسٹر بیٹھے ہوئے ہیں نا۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: Okay۔ جناب سپیکر صاحب، سب سے پہلے تو ہمارے پورے KP کے، KP جو Safe City Project ہے جو کہ تمام کیمروں کے ذریعے اس کی دیکھ بھال ہوتی ہیں مطلب لوگوں کو Observe کیا جاتا ہے۔ Safe City جو ہے تو وہ ہمارا پراجیکٹ جو ہے تو ابھی تک مطلب نہ Install ہوا ہے اور نہ ہی Working condition میں ہے۔ اس سے پولیس کو یہ مسئلہ ہوتا ہے کہ جب کہیں کوئی واردات ہوتی ہے تو وہ پھر دکانوں پہ جاتے ہیں اور دکانوں سے یا گھروں سے یا کہیں اور

جگہوں سے وہ معلومات حاصل کرتے ہیں کہ آپ کے پاس جو ہے تو وہ کوئی کیمرہ جو آپ نے لگایا ہوا ہے، کسی کے پاس دو دن کا Backup ہوتا ہے، کسی کے پاس چار دن کا Backup ہوتا ہے، کسی کے پاس پانچ دن کا Backup ہوتا ہے۔ تو یہ Safe City Project ہے جس کی میں بات کر رہی ہوں یہ بہت زیادہ Important ہے ہمارے صوبے کے لئے اور خاص طور پہ جہاں میں صوبے کی بات کر رہی ہوں ہر جگہ پہ ہونا چاہیئے لیکن پشاور میں چونکہ زیادہ تر وارداتیں پشاور، چارسدہ، مردان اور یہاں پہ ہو رہی ہیں تو یہاں پہ یہ Safe City Projects جو ہیں تو پورے صوبے کے لئے بہت زیادہ Important ہیں۔ دوسری بات جو پولیس کی میں یہ سمجھتی ہوں کہ DNA Laboratory ابھی تک کوئی نہیں بنی، اس پہ میں تقریباً کوئی پندرہ سالوں سے بات کر رہی ہوں کہ یہاں پہ DNA Laboratory جو ہے تو وہ اپنی Forensic Laboratory ہونی چاہیئے تاکہ ہمارے جو Samples ہیں وہ لاہور، پنجاب میں نہ جائیں اور وہ یہاں پہ ریزلٹ جو ہے تو وہ دو دن میں یا ایک دن میں وہ جو ریزلٹ ہے تو وہ دے دیں۔ تو ہمارے پاس Forensic Laboratory یہاں پہ پولیس کے پاس کوئی نہیں ہے جس کا ہونا ان جرائم کی کمی کے لئے اور Safe City کا ہونا ان جرائم کی کمی کے لئے ازحد ضروری ہے۔ پھر جناب سپیکر صاحب، میں بات کروں گی کہ پولیس کے پٹرول پہ اس دفعہ پہلی دفعہ جو ہے تو وہ حکومت نے Cut لگایا ہے۔ جناب سپیکر صاحب، اگر آپ پولیس کو پٹرول نہیں دیتے ہیں، اگر آپ پولیس کو پٹرول جب نہیں دیتے ہیں تفتیش نہیں ہوتی ہے، پٹرول نہیں دیتے ہیں، پٹرولنگ نہیں ہوتی ہے، پٹرول نہیں دیتے ہیں تو آپریشن جو ہے تو آپریشن پہ، جو آپریشن لیول ہے اس پہ تو فرق پڑتا ہے۔ پٹرول نہیں دیتے ہیں تو تمام پولیس اس سے Affect ہوتی ہے، چاہیئے تو یہ کہ پولیس کی کسی مد پہ بھی کوئی Cut نہ لگایا جائے۔ چوتھی بات پولیس کے بارے میں کرنا چاہ رہی ہوں، وہ یہ ہے کہ ان کی تنخواہیں پنجاب کی پولیس سے بہت کم ہیں جن کی وجہ سے میں نے بار بار یہاں پہ ریکویسٹ کی ہے کہ چلیں جی تنخواہیں اگر نہیں بڑھاتے ہیں تو ان کا جو چھ سو اکسٹھ (661) روپے ماہانہ جوان کو آپ کھانے کے لئے دیتے ہیں تو سات روپے فی کھانا ان کا آتا ہے مجھے بتائیں آج روٹی کس بھاؤ پہ جا رہی ہے ایک روٹی اگر کوئی لے تو، اور اگر ایک پلیٹ اگر کوئی مطلب چنے کی دال کی لے گا تو وہ کتنے کی آئے گی؟ مطلب کم از کم سو روپیہ جو ہے تو اس پہ لگتا ہے ایک وقت کے کھانے پہ۔ تو اس چھ سو اکسٹھ (661) کو بڑھا کے تو میں سمجھتی ہوں کہ اس کو 10 ہزار جیسا کہ پنجاب پولیس میں ہے وہاں پہ تو یہاں پہ بھی 10 ہزار روپے ہونے چاہیئے۔ پھر جناب سپیکر صاحب، ان کے ساتھ ظلم یہ ہوا پولیس کے

ساتھ، پولیس دیکھیں بہت زیادہ ہماری ریڑھ کی ہڈی کے مطلب طرح کام کرتی ہے، پولیس نہیں ہو گی تو جرائم بڑھتے چلے جائیں گے۔ جرائم پہ میں ابھی آتی ہوں وہ میری پوری آدھے گھنٹے کی تقریر ہے۔ جناب سپیکر صاحب، ان کا Risk Allowance 15% بڑھا کے اور ان سے DRA Allowance کا جو ان کو دینا تھا، وہ انہوں نے ان کو نہیں دیا جس سے کہ ان میں ظاہر ہے بے چینی پائی جاتی ہے۔ اب آتی ہوں جناب سپیکر صاحب، میں اپنی تقریر کی طرف، یہ تو پولیس کے حق میں جو باتیں ہیں وہ تھیں۔ خیبر پختونخوا میں بچوں کی اموات حالیہ جو واقعات ہیں اس میں بچوں کے اغواء اور زیادتی کے کیسز میں اس سال 90% اضافہ دیکھنے میں آیا جو کہ Express Tribune کی رپورٹ ہے جون 2022 میں پشاور کے علاقے شہید آباد میں ماموں نے دس سالہ کم سن بچی کو قتل کر دیا۔ جولائی 2022 اتوار کو صوبائی دارالحکومت کے علاقے صدر سے سات سالہ حبہ نامی لڑکی کی لاش برآمد ہوئی اور ان سب کے ساتھ جناب چیئرمین صاحب، ان سب کے ساتھ زیادتی ہوئی ہے۔ جولائی 2022 ماہ نور نامی گیارہ سالہ بچی کو کینٹ کے علاقے میں ریلوے کوارٹرز میں قتل کر دیا گیا ہے، اس کے جسم پر تشدد کے نشانات اور زیادتی کی جو ہے وہ ہے۔ جناب سپیکر صاحب، ایبٹ آباد کی ابھی اگر بات کروں تو 11 جولائی 2022 کو ایبٹ آباد کی تحصیل حویلیاں میں تین سالہ عبدالہادی کو کزن نے جنسی تشدد کا نشانہ بنانے کے بعد قتل کر دیا۔ چارسدہ پولیس کے، چارسدہ کے بارے میں بات کروں تو پولیس تفتیش کاروں کے مطابق 12 جولائی 2022 کو ایک نابالغ لڑکی مریم کو اس کے اپنے والد نے چند روز قبل چارسدہ میں قتل کر دیا۔ خیبر پختونخوا میں بچوں سے زیادتی اور اموات کے کیسز جو ہیں وہ Express Tribune نے رپورٹ کئے ہیں کہ سنٹرل پولیس آفس میں سی پی او کے مطابق صوبے بھر میں بچوں سے جنسی زیادتی کے 360 واقعات ریکارڈ کئے گئے ہیں۔ خیبر پختونخوا میں 2019 میں Molestation کے 185 کیسز، سال 2020 میں 23 کیسز اور 2021 میں 360 کیسز سامنے آئے جو کہ پریشان کن اضافے کا اعلان منہ کھول کے کر رہے ہیں۔ CPO Data ان کیسز کو جنس کی بنیاد پر دو زمروں میں تقسیم کرتا ہے اور یہ ظاہر کرتا ہے کہ 2010 میں 135 لڑکوں اور 50 لڑکیوں کے ساتھ جناب چیئرمین صاحب، زیادتی ہوئی ہے۔ 2020 میں 272 لڑکوں اور 51 لڑکیوں کے ساتھ زیادتی کی گئی ہے اور 2021 میں 311 لڑکوں اور 49 لڑکیوں کے ساتھ زیادتی ہوئی۔ اعداد و شمار کے مطابق 2019 میں 248، 2020 میں 468 اور 2021 میں 177 ملزمان کو پولیس نے گرفتار کیا اور زیادہ تر ناقص تفتیش کی وجہ سے بری ہو گئے۔ جناب سپیکر، اس پہ میں یہ بات کرنا چاہتی ہوں کہ اس میں پولیس

کی تفتیش زیادہ Important اسی لئے ہوتی ہے کہ ہمارے پاس مطلب جو ابتدائی تفتیش جو ہوتی ہے یہ 72 گھنٹوں پر محیط ہوتی ہے، 72 گھنٹوں میں اگر کوئی بچہ اغواء یا بچی اغواء ہو جاتی ہے یا اس کو زیادتی کا نشانہ بنا کر قتل کر دیا جاتا ہے، اگر 72 گھنٹوں میں وہ بازیاب نہ ہو یا اس کی لاش بازیاب نہ ہو تو اس کا مطلب ہے کہ وہ کبھی بھی بازیاب نہیں ہو گی۔ جناب سپیکر صاحب، اسی طرح ساتھ ہی گھریلو تشدد بل جو کہ دو سال پہلے پاس ہوا ہے، میں ضلعی کمیٹیاں جس میں انہوں نے ترمیم پیش کی تھی اور جس میں کہ ضلعی کمیٹیاں بنانے کی تجویز جو ہے وہ ہشام خان جب منسٹر صاحب تھے سوشل ویلفیئر کے تو انہوں نے وہ کمیٹیاں بنانے کی تجویز جو ہے، اس کو Amendment کو قبول کر لیا تھا جس سے کہ Harassment اور گھریلو تشدد کے معاملات کو دیکھنا تھا لیکن دو سال ہو گئے ہیں کہ وہ کمیٹیاں نہ بن سکیں اور نہ ان پہ کوئی پیشرفت ہو سکی۔ جناب سپیکر صاحب، اس پہ بار بار اس اسمبلی میں آواز اٹھائی گئی لیکن آواز کو دبا دیا گیا۔ ڈیڑھ ماہ پہلے سوشل ویلفیئر کے وزیر نے یقین دہانی یہاں پہ فلور آف دی ہاؤس کروائی تھی کہ میں پندرہ دن کے اندر اندر یہ کمیٹیاں جو ہیں وہ مطلب بناؤں گا اور اس کے بعد پندرہ دن کیا کہ ابھی آج چوتھا پانچواں مہینہ ہو گیا ہے کہ کوئی اس پہ شنوائی نہیں ہوئی ہے اس لئے میں مجبوراً محکمہ سوشل ویلفیئر کے ڈیپارٹمنٹ کے خلاف تحریک استحقاق ہاؤس میں لانے کے لئے مجبور ہوں کیونکہ اس سے پورے ہاؤس کا وقار مجروح ہوا ہے۔ جناب سپیکر صاحب، اگست 2021 میں سوات میں تین بہن بھائی پراسرار حالات میں لاپتہ ہو گئے۔ والدین نے KP کے وزیر اعلیٰ سے واقعے کا نوٹس لینے اور ان بچوں کو بازیاب کرانے کی اپیل کی ہے تاہم ابھی تک کوئی کارروائی یا کوئی بھی اس کے نتائج برآمد نہیں ہو سکے۔ مارچ 2021 میں خیبر پختونخوا کے ضلع کوہاٹ کے علاقے خٹک کالونی میں ایک نالے سے چار سالہ بچی کی لاش ملی جو ایک روز قبل لاپتہ ہوئی تھی لیکن ابھی تک اس کا کوئی پتہ نہیں چلا۔ جناب چیئر مین صاحب، جنوری 2021 میں لوئر دیر سے بارہ سالہ بچی لاپتہ ہو گئی تھی جب کہ نوتھیہ پشاور سے پانچ سالہ بچی زینب لاپتہ ہو گئی تھی جس کا آج تک کوئی سراغ نہیں ملا۔ جناب سپیکر، 2020 میں نوشہرہ میں زیارت کاکا صاحب میں آٹھ سالہ بچی کو اغواء کر کے زیادتی کر کے قتل کر دیا گیا جس کا مجرم ابھی تک پکڑا نہیں گیا۔ اسی طرح تفتیشی نظام چونکہ میں نے پہلے بتایا تفتیشی نظام ناقص ہے جس میں Forensic Testing Body جو Forensic Testing یا DNA جو ہے تو Fingerprints record کا کوئی طریقہ کار نہیں ہے۔ مجرموں کا DNA، Fingerprints کا ریکارڈ رکھنا ہر تھانے کے لئے اور اس کو کمپیوٹرائز کرنا ضروری ہوتا ہے۔ ایک ایسا نظام بنایا جائے کہ جس میں

عادی مجرموں کا یہ ریکارڈ ہو، Fingerprints ہوں، ان کے ساتھ ان کا Data موجود ہو اور وہ تمام ایک کمپیوٹر کے ذریعے اور ان کو تمام تھانوں کے ساتھ منسلک کیا جائے کہ جہاں سے کوئی قتل ہوتا ہے، جہاں سے کوئی بچی اغواء ہوتی ہے، جہاں سے کوئی بچہ اغواء ہوتا ہے، اس کے ساتھ زیادتی ہوتی ہے تو فوراً جیسا کہ اگر آپ کو یاد ہو تو ہم بچپن میں سنا کرتے تھے کہ تھانوں میں مجرموں کی تصاویر بھی لگتی تھیں اور ان کی باقاعدہ Files بھی موجود ہوتی تھیں لیکن اب یہ نظام بالکل ختم ہو چکا ہے اور نہ ہی کوئی نیا نظام Introduce ہوا ہے جناب سپیکر صاحب۔ جناب سپیکر صاحب، اب اس میں جب Fingerprints کا کوئی، مجرموں کا DNA Test یہ رکھنا لازمی ہے کیونکہ بہت سے مجرم عادی ہوتے ہیں۔ ایک ہی مجرم جو ہے تو بار بار یہ کام کرتا ہے اور اگر اس کی Forensic یعنی اگر اس کا Fingerprints اور یہ تمام چیزیں ہوں تو یہ پکڑا جائے گا۔ اسی طرح جناب سپیکر صاحب، جو شفاف Data جو ہے تو وہ یہاں پہ ایک کمپیوٹر میں رکھا جائے اور اس کو تمام تھانوں کے ساتھ منسلک کر دیا جائے۔ جناب سپیکر صاحب، خیبر پختونخوا میں آج تک لاپتہ بچوں کے سرکاری اعداد و شمار سامنے نہیں آسکے صرف چند ہی کیسز اخبار میں آتے ہیں جو پھر میڈیا میں نمایاں ہوتے ہیں اور چند دنوں کے بعد دم توڑ جاتے ہیں، دم توڑ جاتے ہیں، مطلب (مداخلت) نہیں دیکھیں نا یہ بہت بچوں کا اور ان کا ہے آپ کو مجھے پتہ ہے، اسی لئے تو میں کہتی ہوں کہ جمعہ کے دن (مداخلت) نہیں نماز اپنی جگہ، نماز اپنی جگہ لیکن یہ ان لوگوں کے بچوں، خدانخواستہ میرا بچہ، آپ کا بچہ یا کسی اور کا بچہ اس طرح غائب ہو جائے اور اس کے ساتھ زیادتی ہو اور اس کو پھر قتل کر دیا جائے تو آپ کیا سوچیں گے؟ اسی لئے میں کہتی ہوں کہ جمعہ کے دن یا تو یہ Debate نہ رکھا کریں اور یا پھر اگر Debate رکھتے ہیں تو پھر ٹائم پہ آیا کریں۔ ہم پورے دس بجے آئے ہیں ساڑھے گیارہ بجے ہمارا اجلاس شروع ہوا ہے، تو اب ڈیڑھ گھنٹے کی وہ تو میں تو ذمہ دار نہیں ہوں نا میں نے تو اپنا پورا یہ جو تحریک التواء ہے، اس کو پڑھنا ہے اور حقائق کو سامنے لانا ہے کہ کیا کیا وجہ ہیں کہ جس کی وجہ سے ہماری جو تفتیش جو ہے وہ ناقص اس میں جا رہی ہے جناب سپیکر صاحب۔ اسی طرح جناب سپیکر صاحب، 2020 میں بچوں سے زیادتی کے واقعات 2960 واقعات میں سے 1510 لڑکیاں اور 1450 لڑکوں کا جنسی استحصال، جنسی استحصال ہوا ہے۔ 2019 کے مقابلے میں بچوں سے زیادتی کے واقعات میں 4% اضافہ دیکھنے میں آیا ہے صرف خیبر پختونخوا میں 2015 کیسز ریکارڈ کئے گئے ہیں۔ سال 2020 کے ظالمانہ تعداد سے پتہ چلتا ہے کہ بچوں سے زیادتی کو 1780 کیسز میں جانے والے سر فہرست ہیں،

109 کیسز سروسز فراہم کرنے والے تھے کا کل 91 کیسز خاندان کے افراد اور رشتہ دار تھے اور 92 کیسز میں پڑوسی ملوث تھے۔ 168 واقعات میں اجنبی افراد بچوں کے ساتھ زیادتی میں ملوث پائے گئے۔ خیبر پختونخوا میں بچوں کے لاپتہ ہونے کے واقعات بلاشبہ بڑھ رہے ہیں دونوں رپورٹ شدہ اور غیر رپورٹ شدہ۔ جناب سپیکر صاحب، متعلقہ صوبہ خیبر پختونخوا میں DNA Test کی کوئی سہولت نہیں ہے کیونکہ قریب ترین لیبارٹری پنجاب میں واقع ہے۔ متعلقہ حکام کے پاس سزایافتہ جنسی مجرموں کے مرکزی Data کا کوئی طریقہ کار نہیں ہے۔ پشاور میں City Project کا City Project جو ہے، Safe City Project جو ہے وہ ایک سفید ہاتھی بن چکا ہے جس میں کہ 2010-2009 سے ہر سال سرکاری خزانے کو کروڑوں روپے کا نقصان ہوتا ہے تاہم سرکاری محکموں کے درمیان عدم دلچسپی اور جھگڑے کی وجہ سے ٹیکنالوجی کے ذریعے پشاور کو محفوظ بنانے کا عملی کام نہیں ہوا۔ 23-2022 کے بجٹ میں حکومت نے اس منصوبے کے لئے مزید 500 ملین مختص کئے ہیں، خیبر پختونخوا حکومت اس منصوبے کے ذریعے بچوں کا تحفظ یقینی بنائے۔ بچوں کے اغواء ہونے کے پیچھے بہت سی وجوہات ہوتی ہیں۔ مثال کے طور پر خاندانی مسائل، شکاری رویہ لیکن قانون ساز اور متعلقہ اتھارٹی کا کردار سخت اقدامات اٹھانا اور بچوں کے مسائل کو حل کرنے کا عہد کرنا ہے۔ اغواء کے پہلے 72 گھنٹے جیسا کہ میں نے پہلے کہا کہ گم شدہ بچوں کے نہ ملنے کا امکان یہ ہوتا ہے کہ بچے کبھی بھی نہیں مل سکتے۔ جناب سپیکر صاحب، میں تھوڑا چھوڑ دیتی ہوں تاکہ کیونکہ وہاں پہ لوگوں کو مسئلہ ہو رہا ہے۔ جناب سپیکر، لاپتہ بچوں کا مکمل Data record دستیاب نہیں ہے اور نہ ہی شفاف طریقے سے فراہم کیا جاتا ہے۔ اس طریقے سے سنگین مسائل ہمیں حکام کے لئے، Kidnapping کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔ اگرچہ بچوں کا تحفظ اتنا ہی حساس معاملہ ہے، بچوں یا نوعمروں کے تحفظ کے مراکز سے متعلق مقدمات کے لئے کوئی الگ Cell نہیں ہے جناب سپیکر صاحب، یہ بات نوٹ کرنے کی ہے۔ جیلوں میں بالغوں کے ساتھ نابالغوں کو بھی رکھا جاتا ہے جو زیادہ خطرناک ہے۔ لوکل گورنمنٹ بچوں کے تحفظ کے پروگراموں میں شامل کیا جائے، ضلعی سطح پر کمیٹیاں قائم کی جائیں، حکومت Zainab Alert Bill جو ہے یا گھریلو تشدد بل پر عملدرآمد یقینی بنانے میں ناکام رہی ہے۔ پچھلے کچھ سالوں میں حکومت نے کچھ موبائل پر مبنی Application شروع کی ہے۔ Zainab Alert Bill جون 2021 میں وزارت انسانی حقوق نے پاس کیا لیکن اس مسئلے سے نمٹنے کے لئے پورے ملک میں

آغاز ہوا لیکن ابھی تک پورے طریقے سے لاگو نہیں ہو رہا۔ "Mera Bacha App" خیبر پختونخوا کے وزیر اعلیٰ محمود خان نے "Mera Bacha Alert" کا آغاز کیا۔۔۔۔

(اس مرحلہ پر جمعة المبارک کی اذان کے لئے ہال میں خاموشی)

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: سر! "Mera Bacha App" جو ہے اگر آپ اس کو Google پہ تلاش کریں تو کہیں بھی نہیں ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ حکومت کوئی سنجیدہ اس پر اقدامات نہیں کر رہی ہے۔ اگر اقدامات کر رہی ہوتی تو Google پہ جب آپ Search کرتے کہ "Mera Bacha App" جو کہ محمود خان صاحب نے اس App کو بنایا ہے اور اس پہ اس نے گمشدہ بچوں کے تلاش کے لئے اور ان کے لئے تو وہ کہیں بھی موجود نہیں ہے۔ جناب سپیکر صاحب، بہت حقائق میرے پاس موجود ہیں لیکن مجھے پتہ ہے کہ اس وقت تمام لوگ جو ہیں تو کوئی بھی مطلب میرا خیال ہے کہ ہم سب لوگ ہی بیٹھے ہوئے ہیں اور سب لوگوں نے ان پہ بات بھی کرنی ہوگی لیکن میں مختصراً یہ کہنا چاہوں گی کہ بہت ہو گیا اب ہمارے بچوں کے ساتھ زیادتی، بہت ہو گیا ہمارے بچوں کے ساتھ زیادتی، اس ہاؤس کی ایک کمیٹی بنائیں، اس ہاؤس کی ایک کمیٹی ایسی بنائیں کہ جو ہر طریقے سے اس گمشدہ بچوں کی اور ان کے لئے کوئی تجاویز دے سکے، اس پہ کوئی کام کر سکے۔ جناب سپیکر صاحب، یہ میں نے کام اس وقت سے Start کیا تھا جب پہلا واقعہ قصور میں تین سو بچوں کے ساتھ ہوا تھا اور ان کی جو ویڈیوز ہوئی تھیں پھر اس کے بعد اسلام آباد میں ہوا تھا پھر زینب کے معاملے میں میں نے بات کی تھی، پھر یہاں پر میں نے بات کی تھی۔ ہر اس جگہ پہ پہنچی ہوں کہ جہاں سے بچہ گم ہو جاتا ہے اور پھر اس کی لاش اس طریقے سے ملتی ہے کہ اس کو زیادتی کا نشانہ بنایا ہوتا ہے اور اس کے ساتھ جو ہے تو جنسی زیادتی کر کے اور اس کو بے دردی سے قتل کر کے پھینک دیا جاتا ہے تاکہ اس کو بھیڑیے کھالیں تاکہ اس کو کتے کھالیں تاکہ اس کو، جو بھی جانور کھالیں وہ کھالیں۔ جناب سپیکر صاحب، یہ ایک بہت Important مسئلہ ہے اور اس پر میں چاہوں گی کہ یہ بحث Continue رہنی چاہیئے اور اس کو آپ Monday کو بھی Continue رکھیں تاکہ دوسرے میرے جو بہن بھائی ہیں وہ بھی اس پہ اچھی تجاویز لیکر آسکیں۔ میرے پاس اور بھی بہت چیزیں ہیں بتانے کے لئے لیکن میں سمجھتی ہوں کہ یہ بھی اگر آنکھیں کھولنے کے لئے کافی ہو تو میرا خیال ہے کہ تھوڑی بات کو بہت سمجھا جائے کیونکہ میں نے پورا Data دیا ہے کہ کیا کچھ ہو رہا ہے اس معاشرے میں اور خاص کر KP میں تو میرا خیال ہے کہ اس کو ایک ڈیسک، ایک سپیشل پولیس فورس بنائی جائے، ایک سپیشل پولیس کو یہ ٹاسک دیا جائے کہ خدا کے لئے جو ماں

باپ کی اجڑی ہوئی گودیں ہیں ان کو اس طریقے سے تو رسوا نہ کریں کہ ان کا Rape بھی ہو اور ان کی Body بھی ان کو اس حالت میں ملے کہ آدھی کتوں نے کھائی ہو اور آدھی جانوروں نے کھائی ہو اور وہ بچہ یا بچی جو ہے تو وہ اس کو دیکھ کے جو ہے وہ ساری عمر جو ہے تو روتے رہیں اور تا قیامت جو ہے تو اللہ سے دعا کرتے رہیں کہ یا اللہ ہم کن محافظوں کے ہاتھوں میں پڑ گئے ہیں۔Thank you very much۔

جناب تیمور سلیم خان (وزیر خزانہ و صحت): سر!

جناب مسند نشین: جی تیمور صاحب!۔۔۔۔

(شور)

جناب مسند نشین: آپ اس پہ بحث کریں گی؟ ابھی نماز کا ٹائم ہے صبح جو تلاوت ہوئی تھی وہ بھی جمعہ کے بارے میں تھی کہ جب اذان ہو جائے تو بس ختم کرنا چاہیئے۔ جی تیمور صاحب!

وزیر خزانہ و صحت: سر! میری تجویز ہے۔۔۔۔

(مداخلت)

وزیر خزانہ و صحت: خبرہ واؤرئ کنہ؟

جناب مسند نشین: وہ بات کر لیں نا۔

(شور)

وزیر خزانہ و صحت: یا خدایا۔ سر! پہلی چیز یہ ہے جیسے نگہت بی بی نے کہا۔۔۔۔

(شور)

وزیر خزانہ و صحت: خبرہ واؤرئ کنہ؟

جناب مسند نشین: بات تو سنیں وہ بھی بات کر لیں نا، وہ بھی بات کرے گا۔۔۔۔

(شور)

جناب مسند نشین: اچھا اس کو بات کرنے آپ نہیں دیں گی۔

وزیر خزانہ و صحت: سپیکر صاحب! یہ بڑا Important issue ہے۔۔۔۔

(شور)

وزیر خزانہ و صحت: بس تھیک د ہ تھیک د ہ کبنینہ کبنینہ۔ سر! یہ بڑا Important issue ہے اور میں نگہت بی بی کی تقریباً ساری باتوں کو سپورٹ کرتا ہوں۔ پہلی چیز تو یہ ہے کیونکہ ابھی نماز کا وقت ہے۔۔۔۔۔

(شور)

وزیر خزانہ و صحت: نگہت بی بی! خبرہ واؤرئ کنہ۔ پہلی چیز۔۔۔۔۔

جناب مسند نشین: وہ بھی بات کر رہا ہے اس پہ نا؟

(شور)

جناب مسند نشین: وہ بات نہ کریں اس پہ؟

(شور)

وزیر خزانہ و صحت: سر! پہلی چیز۔ چونکہ پوائنٹس کرتے، نمبر ایک۔ بالکل ہم سپورٹ کرتے ہیں اس Issue پہ کمیٹی کو بننا چاہیئے۔ دوسری چیز یہ ہے کہ اس کے ساتھ جو Link ہے یہ Discussion اگر یہ خواتین جو ہیں وہ دومنٹ سنیں تو یہ Discussion بھی Continue ہونی چاہیئے جو Monday کو سیشن ہو گا اس کو Continue کریں تاکہ ان کو بھی بولنے کا ٹائم ملے لیکن یہ کسی اور کو بولنے کا ٹائم نہیں دیتی۔ خیر Monday کو یہ Discussion بھی ہم سپورٹ کرتے ہیں کہ Continue ہو تاکہ ان کو آرام سے بولنے کا ٹائم مل جائے۔ Important issue ہے اس پہ ہم سب ایک ہیں، کمیٹی بھی بنی چاہیئے۔ تیسری چیز جو Safe City کی بات ہوئی۔ Safe City کے لئے ہم نے پیسے بھی منظور کئے ہیں لیکن یہ Safe City کا کام دس سال سے چل رہا ہے ابھی تک Implement نہیں ہوا۔ میں نے کوشش کی ہے یہ ڈھونڈنے کی کہ کیوں نہیں ہو رہا۔ پولیس والے شاید Procurement کرنے سے ڈر رہے ہیں جو بھی ہے، وہ بھی اس کمیٹی کے سامنے آنا چاہیئے۔ چیف منسٹر صاحب نے تقریباً دو مہینے پہلے ایک بریفنگ دی تھی جس میں میں بھی تھا، اس میں آئی جی صاحب بھی تھے۔ ان کو Instructions دی گئی تھیں کہ دسمبر میں اس کا پہلا Phase complete ہونا چاہیئے تو اس کمیٹی کو یہ Safe City کا بھی دیکھنا چاہیئے اور صرف ریکارڈ کے لئے میں چوتھی بات یہ کہنا چاہتا ہوں کہ پولیس کی تنخواہیں ہم بڑھا رہے ہیں، DRA کے Equivalent ان کا ہم نے Risk Allowance بڑھا دیا۔ اس پر بھی Monday کو بات کرتے ہیں۔ نماز کے وقت کی وجہ سے ہم نے صرف مناسب سمجھا کہ ابھی جو ہے وہ Summaries کیا جائے کیونکہ

نگہت بی بی نے بڑی ضروری تقریر کی تھی۔ تو میری ریکویسٹ یہ ہو گی سپیکر صاحب، کہ آپ کمیٹی بھی بنائیں اور ڈسکشن کو بھی اسمبلی کے اگلے دن کو Continue رکھیں۔

جناب مسند نشین: نماز کا ٹائم ہے جن جن نے Applications دی ہیں اس پہ بحث کرنے کے لئے، اس کو ان شاء اللہ Monday کو Continue کر لیں گے۔ ابھی۔۔۔۔۔

(شور)

جناب مسند نشین: Monday کو کرنا ہے ابھی ٹائم ہی اتنا نہیں ہے۔۔۔۔۔

(شور)

جناب مسند نشین: جی Monday کو اس کو Continue کر لیتے ہیں۔

(شور)

جناب مسند نشین: ٹائم اتنا نہیں ہے ابھی۔ The sitting is adjourned till 02:00 pm Monday, 25th July 2022.

(اجلاس بروز سوموار مورخہ 25 جولائی 2022ء دوپہر دو بجے تک کے لئے ملتوی ہو گیا)